Www.daily raahnuma news paper.com
dailyraahnuma@gmail.com

ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے (القرآن)

اسلام آباد، لاہور، کراچی، فیصل آباد، ملتان، سعودی عرب میں سب سے زیادہ پڑھا جانے والا اردو اخبار

(Registered)
DAILY RAAHNUMA
چیف ایڈیٹر: عمران زاہد کھوکھر
روزنامہ
راہ نما
ہر خبر عوام تک

چیف ایگزیکٹو: سید اظہر حسین سبزواری ایڈووکیٹ
مینجنگ ایڈیٹر: سید زاہد علی زیدی

جلد نمبر 3 | بدھ 31 دسمبر 2025ء 10 رجب المرجب 1447ھ 16 پوہ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 334

حکومت کسانوں کو فصل کی بوائی سے لیکر فروخت تک مکمل تعاون فراہم کر رہی ہے، مریم نواز

قائد محمد نواز شریف کے ویژن اور وزیراعلیٰ مریم نواز کی کاوشوں سے پاکستان کی سب سے بڑی ٹریکٹر سکیم شروع کی گئی، 30 ہزار ٹریکٹر کے ساتھ تاریخ کی سب سے بڑی سکیم کا ریکارڈ قائم

50 سے 75 ہارس پاور کے 10 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم، دوسرے فیز میں 75 سے 85 ہارس پاور کے 10 ہزار ٹریکٹر کی قرعہ اندازی، فراہمی کا عمل جاری، 10 لاکھ روپے تک سبسڈی حکومت ادا کریگی

لاہور (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف کے ویژن اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی کاوشوں سے پاکستان کی سب سے بڑی ٹریکٹر سکیم شروع کی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے کسان دوست اقدامات سے پنجاب کا کاشتکار (بقیہ نمبر 1)

رحیم یار خان: وزیراعظم میاں شہباز شریف یو اے ای کے صدر سے ملاقات کے موقع پر مصافحہ کر رہے ہیں

نئے سال کے موقع پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 10 روپے 60 پیسے فی لیٹر کمی متوقع

وزارت خزانہ وزیراعظم کی منظوری کے بعد فیصلہ کریگی، حتمی نوٹیفکیشن وزارت پٹرولیم سے جاری کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) نئے سال کے موقع پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 10 روپے 60 پیسے فی لیٹر تک کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 10 روپے 60 پیسے فی لیٹر تک کمی کا امکان ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں (بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم شہباز شریف کی روسی صدر کی رہائش گاہ کو نشانہ بنانے کی مذمت

ایسے اقدامات عالمی امن اور سلامتی کے لئے سنگین خطرہ ہیں۔ پاکستان روسی صدر، حکومت اور عوام سے مکمل اظہارِ یکجہتی کرتا ہے۔ میاں شہباز شریف

امن و سلامتی کو نقصان پہنچانے والی کارروائیوں کو مسترد کرنے کے اپنے مؤقف کا اعادہ کرتے ہیں۔

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے روس کے صدر ولادیمیر پیوٹن کی رہائش گاہ کو نشانہ بنائے جانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم سلامتی اور امن کو خطرے میں ڈالنے والے تمام تشدد کے تمام طریقوں کو مسترد کرتے ہیں۔ ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ اس طرح کے گھناؤنے حملے امن اور استحکام کے لیے خطرہ ہیں، خاص طور پر ایسے وقت میں جب امن کے لیے کوششیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان روس کے صدر، حکومت اور عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم سلامتی اور امن کو خطرے (بقیہ نمبر 10)

بسنت کی اجازت کیلئے جاری کیا گیا ڈپٹی کمشنر لاہور کا نوٹیفکیشن چیلنج

ہائیکورٹ کے نام کا جعلی خط بنانے پر سول جج کی اہلیہ، سسر اور سالے کیخلاف مقدمہ خارج

سول جج نے مقامی بار سے ملی بھگت کرکے ہائیکورٹ کے نام کا جعلی لیٹر بنایا، وکیل ملزمان

لاہور (این این آئی) بسنت کی اجازت کیلئے جاری کیا گیا ڈپٹی کمشنر لاہور کا نوٹیفکیشن لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں متفرق درخواست ایڈووکیٹ اظہر (بقیہ نمبر 12)

لاہور (وقائع نگار خصوصی) لاہور ہائیکورٹ کے نام کا جعلی خط بنانے پر سول جج کی اہلیہ، سسر اور سالے کے خلاف درج مقدمہ خارج کر دیا گیا۔ جسٹس طارق محمود باجوہ نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے سول جج کی اہلیہ، سسر اور سالے کی درخواست ضمانت پولیس (بقیہ نمبر 11)

بنگلا دیش کی سابق وزیراعظم خالدہ ضیا 80 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں

خالدہ ضیا جگر کے عارضے میں مبتلا تھیں اور وہ کافی عرصے سے ہسپتال میں زیر علاج تھیں، گزشتہ روز ڈاکٹروں نے ان کی حالت کو انتہائی تشویشناک قرار دیا تھا

خالدہ ضیا کو لائف سپورٹ پر رکھا گیا تھا اور باقاعدگی سے ڈائیلاسس کیا جا رہا تھا، جب بھی ڈائیلاسس روکا جاتا تو ان کی حالت میں نمایاں طور پر بگاڑ آجاتا تھا

ڈھاکہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بنگلا دیش کی سابق وزیراعظم خالدہ ضیا انتقال کر گئیں، خالدہ ضیا کئی روز سے وینٹی لیٹر پر تھیں۔ بنگلہ دیش کی پہلی خاتون وزیراعظم اور اپوزیشن جماعت بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کی (بقیہ نمبر 13)

کوئٹہ اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 2.9 ریکارڈ

کوئٹہ (وقائع نگار خصوصی) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے باعث لوگ کلمہ طیبہ اور درود شریف کا ورد کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 14)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری پنجاب حکومت کی سالانہ کارکردگی کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہی ہیں

پاک چین اقتصادی شراکت داری نئے مرحلے میں داخل ہو گئی

وزیر خزانہ

پاکستان اور چین کے دوطرفہ تعلقات مسلسل مضبوط، مستحکم اور متنوع ہو رہے ہیں اور اب یہ تعلقات صرف انفراسٹرکچر تک محدود نہیں بلکہ ایک وسیع، مارکیٹ پر مبنی اقتصادی شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں، سینیٹر اورنگزیب

رواں سال کے پہلے آٹھ ماہ میں دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم تقریباً 17 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ چین نے ہر بین الاقوامی فورم پر پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے: سینیٹر محمد اورنگزیب

چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی و دیگر کا گروپ فوٹو

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) وفاقی وزیر برائے خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان آئندہ چند ہفتوں میں چینی کیپیٹل مارکیٹ میں پانڈا بانڈ جاری کرنے کے لیے تیار ہے اور یہ اقدام پاکستان اور چین کے درمیان مالی اور اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، پاک چین تعلقات دہائیوں سے مسلسل مضبوط ہو رہے ہیں اور چین نے ہر بین الاقوامی فورم پر پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ چائنا گلوبل ٹیلی وژن نیٹ ورک ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان اور چین کے دوطرفہ تعلقات مسلسل (بقیہ نمبر 8)

صاحب اقتدار دل بڑا کریں، حالات بدلنے کیلئے ملاقات کی بھیک مانگتا ہوں، چیئرمین پی ٹی آئی

سال 2025 میں دشمن کے ساتھ سیز فائر ہوا لیکن ہمارا آپس کا تناؤ ختم نہیں ہوا

ہمارے لیے سسٹم رک گیا ہے، نہ رکتا تو روز یہاں کھڑے نہ ہوتے، بیرسٹر گوہر کی گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ ہر منگل یہاں آتا ہوں تاہم افسوس کے ساتھ ملاقات کی اجازت نہیں دی جاتی، حالات بدلنے کے لیے ملاقات کی بھیک مانگتا ہوں، 2025 گزر گیا اب تو حالات بدلنے چاہئیں۔ اڈیالہ روڈ داھنگل ناکے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ تحریک (بقیہ نمبر 9)

چیلنج سپیشل اکنامک زون اور ٹیکسٹائل سیکٹر کی 2 نئی فیکٹریوں کا افتتاح

چوہدری شافع حسین، چائنیز قونصل جنرل ژاؤ شیرن اور چیئرمین یونائے گروپ مسٹر ہوآنگ دیگو نے افتتاح کیا

چین کا چیلنج اپیرل گروپ اپنے سپیشل اکنامک زون میں 2 مزید فیکٹریاں لگا رہا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین، چائنیز قونصل جنرل ژاؤ شیرن اور چیئرمین یونائے گروپ مسٹر ہوآنگ دیگو نے چیلنج سپیشل اکنامک زون اور ٹیکسٹائل سیکٹر کی 2 نئی فیکٹریوں کا افتتاحی تقریب پیسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر منعقد ہوئی جس میں سیکرٹری انڈسٹریز عمر مسعود، چیلنج اپیرل گروپ کی ٹیم اور دیگر سرمایہ کار بھی میں موجود تھے۔

دیر، چترال، جنوبی وزیرستان میں بارش اور پہاڑوں پر برفباری، سردی بڑھ گئی

محکمہ موسمیات نے 2 جنوری تک بالائی علاقوں میں بارش اور برفباری کی پیشگوئی کر دی

پشاور (این این آئی) مغربی سسٹم کے زیر اثر خیبر پختونخوا کے ضلع دیر بالا اور دیر لوئر کے شہری علاقوں میں بارش کے باعث پہاڑوں پر ایک بار پھر برفباری ہوئی جس کے باعث موسم مزید سرد ہو گیا جبکہ تفصیلات کے مطابق وادی کمراٹ، جہاز بانڈہ، باڈ گوائی، لواری ٹنل، کلپانی، شاہی اور بن شاہی پر برف باری کا سلسلہ دن بھر جاری رہا، بارش اور برفباری سے سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا،

خالدہ ضیاء نے بنگلادیش کی تاریخ کے پہلے آزادانہ انتخابات میں شیخ حسینہ کو شکست دی

بدعنوانی کا الزام لگا کر سزا سنائی گئی، بنگلادیش کی پہلی خاتون وزیراعظم کی زندگی پر ایک نظر

ڈھاکہ (وقائع نگار خصوصی) بنگلادیش نیشنل پارٹی کی لیڈر خالدہ ضیاء نے 1991 میں وزارت عظمیٰ سنبھالی تھی، وہ بنگلادیش کے سابق صدر ضیاء الرحمٰن کی اہلیہ تھیں۔ خالدہ ضیاء 15 اگست 1946 کو دیناج پور میں پیدا ہوئیں، انہوں نے 1960 میں فوجی افسر ضیاء الرحمٰن سے شادی کی، اس وقت ان کی عمر تقریباً 15 برس تھی 1971 کی جنگِ آزادی کے بعد ضیاء الرحمٰن ایک قومی ہیرو کے طور پر ابھرے،

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسرائیل کا یو این ایجنسی برائے فلسطینی پناہ گزین کیلئے سرگرمیوں کا اختتام

قانون سازی سے انروا کے خلاف اسرائیلی عدالتوں میں قانونی کارروائی کی جاسکے گی، اسرائیلی حکام مقبوضہ بیت المقدس میں انروا کے 2 دفاتر ضبط کرسکیں گے

قانون سازی سے انروا کے خلاف اسرائیلی عدالتوں میں قانونی کارروائی کی جاسکے گی، اسرائیلی حکام مقبوضہ بیت المقدس میں انروا کے 2 دفاتر ضبط کرسکیں گے۔

ایجنسی پورے مشرق وسطیٰ میں لاکھوں فلسطینیوں کو تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرتی ہے

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل نے یو این ایجنسی برائے فلسطینی پناہ گزین کیلئے سفارتی استثنیٰ ختم کر دیا۔ خبر ایجنسی کے مطابق اسرائیلی پارلیمنٹ نے یو این ایجنسی کا استثنیٰ ختم کرنے کی منظوری دی، قانون سازی سے انروا کے خلاف اسرائیلی عدالتوں میں قانونی کارروائی کی جاسکے گی، اسرائیلی حکام مقبوضہ بیت المقدس میں انروا کے 2 دفاتر ضبط کرسکیں گے۔ خبر ایجنسی نے مزید بتایا کہ یہ قانون اسرائیلی کمپنیوں کو انروا کے اداروں کو پانی، بجلی اور مالی خدمات فراہم کرنے سے روکتا ہے، اسرائیل نے گزشتہ سال انروا پر پابندی عائد کی تھی۔ انروا کا کہنا ہے کہ اسرائیل یو این ایجنسی کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہا ہے، ایجنسی پورے مشرق وسطیٰ میں لاکھوں فلسطینیوں کو تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرتی ہے۔

وفاقی حکومت ہر ممکن سپورٹ کیلئے تیار ہے

خواجیوں کیخلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائیگی، محسن نقوی

خیبر پختونخوا میں قیام امن اولین ترجیح ہے۔ وفاقی حکومت اس ضمن میں ہر طرح سے سپورٹ کے لیے تیار ہے

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کے عوام کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی ملاقات ہوئی جس میں خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر خیبر پختونخوا نے صوبے کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو آگاہ کیا۔ کے پی کے کے سرحدی علاقوں میں سیکیورٹی اقدامات اور خوارجیوں کے خلاف جاری آپریشنز پر گفتگو بھی کی گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں امن و امان کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں قیام امن اولین ترجیح ہے۔ وفاقی حکومت اس ضمن میں ہر طرح سے سپورٹ کے لیے تیار ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا کے عوام کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور سہولت کاروں کا خاتمہ مشترکہ اقدامات سے کیا جا رہا ہے۔ خوارجیوں کے خلاف (بقیہ نمبر 35)

حکومت سنجیدگی سے مذاکرات کیلئے تیار، پی ٹی آئی جواب میں گالیاں دیتی ہے

خواجہ آصف

اقتدار عارضی چیز ہے، سیاست میں مستقل مزاجی اور برداشت کی ضرورت ہوتی ہے، وزیر دفاع کی گفتگو

حکومت کی جانب سے کئی بار بات چیت کی پیش کش کی گئی لیکن پی ٹی آئی نے ان کوششوں کا مثبت جواب نہیں دیا

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ حکومت سنجیدگی سے مذاکرات کیلئے تیار ہے، پی ٹی آئی سے جواب میں گالیاں دی جاتی ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ حکومت سنجیدگی کے ساتھ مذاکرات کے لیے تیار ہے، تاہم پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے جواب میں گالیاں دی جاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے کئی بار بات چیت کی پیش کش کی گئی لیکن پی ٹی آئی نے ان کوششوں کا مثبت جواب نہیں دیا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ وزیراعظم نے تین سے چار مرتبہ واضح طور پر مذاکرات کی پیشکش (بقیہ نمبر 34)

وزیر محمد حنیف عباسی کی 38 لاکھ روپے واپس کرنے والے ریلوے پولیس اہلکار کیلئے نقد انعام کا اعلان

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ریلوے پولیس کے کانسٹیبل راؤ شریف کی جانب سے ایمانداری کی اعلیٰ مثال قائم کرنے پر انہیں ایک لاکھ روپے نقد انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر ریلوے نے واضح کیا کہ وہ یہ انعامی رقم اپنی جیب سے ادا کریں گے (بقیہ نمبر 17)

قومی ایئر لائن کا اسلام آباد سے لندن کیلئے پروازیں شروع کرنے کا اعلان

29 مارچ سے اسلام آباد سے لندن کے لیے ہفتہ وار 4 پروازیں آپریٹ کی جائیں گی، ترجمان

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) قومی ایئر لائن نے اسلام آباد سے لندن کے لیے پروازیں شروع کرنے کا اعلان کر دیا اس حوالے سے ترجمان نے بتایا کہ 29 مارچ سے اسلام آباد سے لندن کے لیے ہفتہ وار 4 پروازیں آپریٹ کی جائیں گی۔ ترجمان نے کہا کہ لندن کی پروازیں ہیتھرو ایئر پورٹ کے جدید ترین ٹرمینل 4 سے آپریٹ ہوں گی، قومی ایئر لائن کی (بقیہ نمبر 18)

لاہور: چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم عدالتی تاریخ کے بڑے ڈیجیٹل سسٹمز کی افتتاحی تقریب کی صدارت کر رہی ہیں

سردار ایاز صادق کی میر سرفراز احمد بگٹی کو بگٹی قبائل کے آٹھویں چیف کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد

میر سرفراز احمد بگٹی کا بگٹی قبائل کے چیف کے طور پر انتخاب بگٹی برادری کے بھرپور اعتماد کا مظہر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کو بگٹی قبائل کے آٹھویں چیف کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میر سرفراز احمد بگٹی کا بگٹی قبائل کے چیف کے طور پر انتخاب بگٹی برادری کے بھرپور اعتماد کا مظہر ہے۔ اپنے بیان میں اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ میر سرفراز احمد بگٹی (بقیہ نمبر 33)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کر رہی ہیں

38 لاکھ روپے مسافر کو واپس، وزیر ریلوے کا پولیس کانسٹیبل کیلئے اپنی جیب سے انعامی رقم کا اعلان

لاہور (وقائع نگار خصوصی) ایمان داری کی اعلیٰ مثال قائم کرنے پر وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی جانب سے ریلوے پولیس کانسٹیبل راؤ شریف کے لیے انعام کا اعلان کر دیا گیا۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے ایک لاکھ روپے دینے کا اعلان کر دیا۔ وفاقی وزیر انعامی رقم اپنی جیب سے دیں گے۔ وفاقی وزیر ریلوے (بقیہ نمبر 32)

ایم ٹیگ کے بغیر گاڑیوں کے خلاف کارروائیوں کا آغاز (کل) سے ہوگا

ڈیڈ لائن قریب آتے ہی ایم ٹیگ سینٹرز پر شہریوں کے رش میں اضافہ

14 نومبر سے اب تک ایم ٹیگ لگوانے والی گاڑیوں کی تعداد 1 لاکھ سے تجاوز کر گئی

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) ایم ٹیگ کے بغیر گاڑیوں کے خلاف کارروائیوں کا آغاز (کل) یکم جنوری سے ہوگا، ڈیڈ لائن قریب آتے ہی ایم ٹیگ سینٹرز پر شہریوں کے رش میں اضافہ ہوگیا، شہریوں کی سہولت کے پیش نظر ایم ٹیگ سینٹرز پر عملہ اور سٹاک بڑھا دیا گیا، 14 نومبر سے اب تک ایم ٹیگ لگوانے والی گاڑیوں کی تعداد 1 لاکھ سے تجاوز کر گئی۔ اعلامیہ کے مطابق (بقیہ نمبر 19)

پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تجارتی توسیع میں تاریخ ساز پیش رفت

پاکستان تاجکستان کو 1 لاکھ 43 ہزار ٹن حلال میٹ ایکسپورٹ کرے گا

پاکستان کا لائیوسٹاک سیکٹر نئے ترقیاتی مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) ایس آئی ایف سی کی تدبیری حکمت عملی سے تجارتی توسیع کا نیا باب رقم ہو رہا ہے جس کی وجہ سے پاکستان کی وسطی ایشیا کی تجارت منڈیوں کی جانب پیش قدمی جاری ہے۔ تاجکستان کے ساتھ میٹ ایکسپورٹ میں نمایاں پیش رفت، پاکستان کا لائیوسٹاک سیکٹر نئے ترقیاتی مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔ پاکستان تاجکستان کو 1 لاکھ 43 ہزار ٹن (بقیہ نمبر 27)

عدالتی تاریخ میں پہلی بار چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے ڈیجیٹل سسٹمز کا افتتاح کر دیا

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سائلین کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ انتظامی سطح تک بھی تاریخی اقدامات کر رہی ہیں

نئے متعارف شدہ جوڈیشل ڈپازٹس اور سیکیورٹیز سافٹ ویئر کے ذریعے بینکوں میں جمع عدالتی رقوم اور سیکیورٹیز کی نگرانی ہوگی

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے وکلا اور سائلین کا دیرینہ مطالبہ پورا کر دیا، عدالتی تاریخ میں ایک اہم دن رقم، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ڈیجیٹل سسٹمز کا افتتاح کر دیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سائلین کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے ساتھ (بقیہ نمبر 20)

بلدیاتی انتخابات کے معاملے پر پی ٹی آئی میں اختلافات بڑھ گئے

پارٹی کے پارلیمانی بورڈ تشکیل دیے جانے پر رہنماؤں کے اختلافات کھل کر سامنے آگئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف میں بلدیاتی انتخابات کے معاملے پر اختلافات شدت اختیار کر گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل نے اپنی مرضی سے پارلیمانی بورڈ تشکیل دے دیا ذرائع نے بتایا کہ ریجنل صدور کو اعتماد میں لیے بغیر بورڈ تشکیل دیا گیا جس کے بعد رہنماؤں کے احتجاج کے بعد سلمان اکرم راجا نے پارلیمانی (بقیہ نمبر 21)

محکمہ بلدیات نے بلدیاتی اداروں کی حد بندی کے رولز کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (وقائع نگار خصوصی) محکمہ بلدیات نے بلدیاتی اداروں کی حد بندی کے رولز کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈسٹرکٹ کمشنر چھ جنوری تک شہری اور دیہی علاقوں (بقیہ نمبر 22)

افغان سرحد سے دہشتگردی کا خطرہ، کے پی میں سرچ آپریشن

پشاور (این این آئی) پشاور میں رواں سال پولیس کی سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشنز سے متعلق رپورٹ جاری کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق 2025 کے دوران 1 ہزار 16 (بقیہ نمبر 23)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین پی ایچ اے لاہور ورکرز یونین کے منتخب عہدیداران سے خطاب کر رہے ہیں

تحریک انصاف پنجاب کی کے پی کے وزراء پر تشدد مذمت

پنجاب اسمبلی میں پیش آنے والا واقعہ (ن) لیگ کی سیاسی عدم برداشت، نسلی تعصب اور آمرانہ سوچ کا واضح ثبوت ہے شوکت بسرا

لاہور (وقائع نگار خصوصی) پاکستان تحریک انصاف پنجاب کے سیکرٹری اطلاعات شوکت محمود بسرا نے پنجاب اسمبلی میں پیش آنے والے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مینا خان آفریدی اور دوسرے وزراء پر تشدد ہوا ہے، اس کا مقدمہ اسپیکر ملک احمد خان اور سیکرٹری پنجاب اسمبلی پر درج ہونا چاہیے۔ انہوں نے اپنے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 26)

مری میں متوقع برفباری، چیف سیکرٹری کا ضلعی انتظامیہ، متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کا حکم

برفباری کے دوران ٹریفک کی روانی ہر صورت برقرار رکھی جائے، ہیوی مشینری کو مسلسل فعال رکھا جائے، ڈپٹی کمشنر کو ہدایت

مری پولیس کی معاونت کے لیے لاہور سے اضافی نفری روانہ کی جائے گی، آئی جی پولیس ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (وقائع نگار خصوصی) مری اور گرد و نواح میں متوقع برفباری کے پیش نظر چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر الرٹ رہا جائے تاکہ سیاحوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ چیف سیکرٹری کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مری میں برفباری کے دوران انتظامات، ٹریفک کی صورتحال اور سیاحوں کی سہولت کے لیے کیے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری کو بتایا گیا کہ سڑکوں سے (بقیہ نمبر 25)

آوارہ کتوں کے کاٹنے، کھلے مین ہولز کے باعث حادثات پر چیف سیکرٹری پنجاب کا اظہار برہمی

آوارہ کتے، کھلے مین ہولز انسانی جانوں کے لیے سنگین خطرہ ہیں، کسی قسم کی کوتاہی قابلِ قبول نہیں، اجلاس سے خطاب

اضلاع میں قائم پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹیز (پی ایچ اے) اور واسا کو فوری طور پر مکمل فعال بنانے کی ہدایت جاری

لاہور (وقائع نگار خصوصی) صوبہ کے مختلف اضلاع میں آوارہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات اور کھلے مین ہولز کے باعث پیش آنے والے حادثات پر چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ سول سیکرٹریٹ میں چیف سیکرٹری کی زیر صدارت ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کا ویڈیو لنک اجلاس (بقیہ نمبر 24)

خواتین میں منشیات کے استعمال کا رجحان بڑھ گیا، قائمہ کمیٹی اجلاس میں انکشاف

قومی اسمبلی کی قائمہ نے کا منشیات کے معاملے پر علیحدہ اجلاس بلانے کا فیصلہ کرلیا

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کے اجلاس میں خواتین میں منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال کا انکشاف ہوا ہے، جس پر ارکان نے سوشل میڈیا پر ہراسانی کے بڑھتے واقعات پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا اور طے پایا ہے کہ سائبر کرائم کے معاملات پر ویمن کاکس کا خصوصی اجلاس بلانے کے ساتھ میٹا انتظامیہ سے بھی (بقیہ نمبر 31)

طالبان دور میں سکیورٹی بحران شدید، افغانستان جنوبی ایشیا کا سب سے غیر محفوظ ملک قرار

تشدد، ہتھیاروں کی آسان دستیابی، کمزور حکمرانی نے ملکی سلامتی کو شدید خطرے میں ڈال رکھا ہے، تھنک ٹینک کی رپورٹ

افغان طالبان کے زیر اقتدار افغانستان عالمی امن اشاریے میں 163 ممالک میں سے 158 ویں نمبر پر آ گیا ہے

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) معروف عالمی تھنک ٹینک انسٹیٹیوٹ فار اکنامکس اینڈ پیس (آئی ای پی) نے اپنی سالانہ گلوبل پیس انڈیکس رپورٹ جاری کر دی ہے جس کے مطابق افغانستان ایک بار پھر دنیا کے غیر محفوظ ترین ممالک میں شامل ہے اور امن کی صورتحال (بقیہ نمبر 28)

نواز شریف، حنیف عباسی کیخلاف کیسز لڑنے کیلئے کروڑوں روپے فیس کی پیشکش کی گئی، لطیف کھوسہ

لاہور (وقائع نگار خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 29)

2025ء، پانی اور پن بجلی کے شعبوں میں حاصل اہداف سے متعلق اعداد و شمار جاری

اسلام آباد (این این آئی) واٹر اینڈ پاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (واپڈا) کی جانب سے سال 2025ء میں پانی اور پن بجلی (بقیہ نمبر 30)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے چائنیز قونصل جنرل و دیگر سے ملاقات کر رہے ہیں

DAILY RAAHNUMA
روزنامہ راہ نما
ہر خبر عوام تک
روزنامہ راہ نما کراچی
DAILY RAAHNUMA
ہر خبر عوام تک
روزنامہ راہ نما
dailyraahnuma@gmail.com

اداریہ

میں چینی کیپٹل مارکیٹ میں پانڈا بانڈ جاری

وفاقی وزیر برائے خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان آئندہ چند مہینوں میں چینی کیپٹل مارکیٹ میں پانڈا بانڈ جاری کرنے کے لیے تیار ہے اور یہ اقدام پاکستان اور چین کے درمیان مالی اور اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، پاک چین تعلقات دہائیوں سے مسلسل مضبوط ہوتے رہے ہیں اور چین نے ہر بین الاقوامی فورم پر پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے، چائنا کلوسٹر ٹیلی وژن نیٹ ورک ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان اور چین کے دوطرفہ تعلقات مضبوط و مستحکم ہو رہے ہیں اور اب یہ تعلقات صرف اقراسٹرکچر تک محدود نہیں بلکہ ایک وسیع، مارکیٹ پر مبنی اقتصادی شراکت داری میں تبدیل ہو رہے ہیں، انہوں نے چین کو پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار قرار دیتے ہوئے بتایا کہ دوطرفہ تجارت 17 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئی ہے، سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاک چین تعلقات دہائیوں سے مسلسل مضبوط ہوتے رہے ہیں اور یہ ہر بین الاقوامی فورم پر پاکستان کا بھرپور ساتھ دیتا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان کی اقتصادی ترقی میں چین کا کردار بالخصوص چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے ذریعے نہایت اہم رہا ہے، جو بنیادی ڈھانچے، انرجی اینڈ مائننگ منصوبے، ٹیکنالوجی اور زرعی شراکت داری میں تبدیل ہو رہا ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان کے سب سے بڑے منصوبوں کی تکمیل میں چینی کمپنیوں کا کلیدی کردار رہا ہے، پاکستان کی اقتصادی ترجیحات سے متعلق ایک سوال پر سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ زراعت، معدنیات و کان کنی، معدنی ذہانت اور ٹیکنیکل معیشت وہ شعبے ہیں جن میں چینی سرمایہ کاری بڑھ سکتی ہے، انہوں نے کہا کہ اس مرحلے میں تعاون صرف سرمایہ کاری تک محدود نہیں بلکہ علم کی منتقلی اور تکنیکی معاونت کو بھی خاص اہمیت دی جا رہی ہے، انہوں نے بتایا کہ ہزاروں پاکستانی زرعی گریجویٹس کو چینی جامعات میں داخلہ دیا جا چکا ہے تاکہ وہ جدید زرعی طریقے سیکھ کر پاکستان واپس آ سکیں

2025 کے سال

2025 کا سال آہستہ آہستہ اپنی آخری سانسیں لے رہا ہے، مگر اس کی یادیں دل و دماغ پر گہری چھاپ چھوڑ چکی ہیں۔ ابتدا میں سال بھی دیگر سالوں کی طرح معمولی لگتا تھا لیکن جلد ہی ہمیں احساس ہوا کہ یہ سال اپنے اندر کئی ایسی داستانیں چھپائے ہوئے ہے جو ہمیں ایک نہ ایک دن ضرور سنائے گا۔ کسی کے لیے یہ سال خوشیوں کا پیغام لایا تو کسی کے لیے ناقابلِ فراموش زخم چھوڑ گیا۔ کسی نے اس سال میں اپنوں کو کھویا تو کسی نے نئے رشتوں کو جنم دیا۔ کسی کی دنیا اس سال بدل گئی تو کسی کی سوچ۔ یہ سال واقعی ہر انسان کے لیے ایک الگ تجربہ بن کر آیا۔

اس سال میں نے اپنی زندگی کے لمحے کی قدر کرنا سیکھا۔ فضول باتوں اور وقت کے ضیاع کو چھوڑا، اپنے مقاصد میں لگن پیدا کی اور ہر فیصلہ سوچ سمجھ کر کیا۔ میں نے چھوٹے چھوٹے اہداف طے کیے اور اپنی کمزوریوں پر قابو پایا۔ دوست اور اہلِ خانہ کی نظروں میں میری عزت بڑھی مگر سب سے بڑی کامیابی یہ رہی کہ میں نے اپنی نظر میں اپنا وقار بلند کیا۔ اس سال نے مجھے سکھایا کہ خاموشی بعض اوقات شور سے زیادہ طاقتور ہوتی ہے۔ ہر انسان کی زندگی میں ایک وقت آتا ہے جب اسے اپنے اصولوں پر ڈٹ جانا پڑتا ہے، چاہے اس کے لیے اسے کچھ لوگوں کو کھونا ہی کیوں نہ پڑے۔ اس سال میں نے یہ بھی سیکھا کہ ہر انسان کو اپنی جنگ خود لڑنی پڑتی ہے، کیونکہ دوسرے صرف تماشائی ہوتے ہیں، وہ آپ کے زخم نہیں دیکھتے، صرف نتیجہ دیکھتے ہیں۔ اس سال نے مجھے یہ بھی سکھایا کہ ہر انسان کی اپنی ایک جنگ ہوتی ہے، جو وہ کسی کو دکھاتا نہیں، مگر ہر رات اسی جنگ کے ساتھ سوتا ہے۔ کبھی کبھی ہار ماننا بھی ہمت کا کام ہوتا ہے، اور کبھی کبھی مسکرا کر آگے بڑھ جانا سب سے بڑی بہادری۔ اس سال نے مجھے سکھایا کہ ہر انسان کی اپنی ایک جنگ ہوتی ہے، جو وہ کسی کو دکھاتا نہیں، مگر ہر رات اسی جنگ کے ساتھ سوتا ہے۔ کبھی کبھی ہار ماننا بھی ہمت کا کام ہوتا ہے، اور کبھی مسکرا کر آگے بڑھ جانا سب سے بڑی بہادری۔ اس سال نے مجھے سکھایا کہ ہر انسان کی اپنی ایک جنگ ہوتی ہے، جو وہ کسی کو دکھاتا نہیں، مگر ہر رات اسی جنگ کے ساتھ سوتا ہے۔ کبھی کبھی ہار ماننا بھی ہمت کا کام ہوتا ہے، اور کبھی مسکرا کر آگے بڑھ جانا سب سے بڑی بہادری ہوتی ہے

بقیہ نمبر 1
اپنے ٹریکٹر کے مالک بن گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 30ہزار ٹریکٹر کے ساتھ تاریخ کی سب سے بڑی ٹریکٹر سکیم کا ریکارڈ قائم کر دیا۔ چیف منسٹر ٹریکٹر پروگرام کے تحت پہلے فیز میں 50سے 75ہارس پاور کے 10ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو مل گئے۔ دوسرے فیز میں 75سے85ہارس پاور کے 10ہزار ٹریکٹر کی قرعہ اندازی کی جبکہ فراہمی کا عمل بھی جاری ہے۔ ہر ہائی ہارس پاور ٹریکٹر پر 10لاکھ روپے سبسڈی حکومت ادا کرے گی۔ ہائی پاور ٹریکٹر سکیم کے لئے حکومت پنجاب 10ارب روپے سبسڈی ادا کرے گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب ٹریکٹر سکیم کا تیسرا فیز جنوری میں شروع ہوگا۔ کاشتکاروں کو50 سے 55ہارس پاور ٹریکٹرز کی فراہمی کیلئے جلد درخواستیں طلب کی جائیں گی۔ ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن فنانسنگ پروگرام کے تحت100 سے 120 ہارس پاور کے بڑے ٹریکٹر بلاسود لون پر دیئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا کہنا ہے کہ پنجاب کے کاشتکاروں کو ٹریکٹر کی فراہمی کا مقصد معاشی خودمختاری اور زیادہ پیداوار کا ہدف ہے۔ کاشتکار بھائی اپنے ٹریکٹر کے مالک بن رہے ہیں، اس سے بڑھ کر خوشی کیا ہوگی۔ حکومت پنجاب کسانوں سے فصل کی بوائی سے فروخت تک پورا ساتھ دے رہی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کسانوں کو جدید زرعی مشینیں فراہم کرنے سے پنجاب کاشتکاری میں خودکفیل ہوگا۔ کھوکھلے نعروں کی بجائے عملی طور پر کسانوں کا سہارا بن رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 2
قیمتوں میں 10روپے60 پیسے فی لیٹر تک کمی کا امکان ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا ابتدائی ورکنگ پیپر تیار کر لیے گئے ہیں۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق پٹرول قیمت میں یکم جنوری سے 10 روپے60 پیسے فی لیٹر کمی تجویز ہے، اس کے علاوہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 8 روپے 59 پیسے فی لیٹر کمی کی تجویز ہے، جبکہ مٹی کے تیل کی قیمت میں 9روپے فی لیٹر کمی، لائٹ ڈیزل کی قیمت میں 6 روپے 62 پیسے فی لیٹر کمی کی تجویز ہے۔ اوگرا (آج) بدھ کو ورکنگ پیپر حکومت کو بھجوائیگی، حکومت ریونیو ضروریات مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کریگی، وزارت خزانہ وزیراعظم کی منظوری کے بعد فیصلہ کریگی، حتمی نوٹیفکیشن وزارت پٹرولیم سے جاری کیا جائے گا، حکومت نے لیوی یا ٹیکسز عائد نہ کیے تو نئے سال پر عوام کو ریلیف ملے گا۔

بقیہ نمبر 3
محترمہ خالدہ ضیاء کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بنگلہ دیش ایک مدبر، تجربہ کار اور مخلص سیاسی رہنما سے محروم ہوگیا۔ اپنے بیان میں سردار ایاز صادق نے کہا کہ محترمہ خالدہ ضیاء نے بنگلہ دیش کی سیاست میں نمایاں کردار ادا کیا، محترمہ خالدہ ضیاء کا شمار جنوبی ایشیا کی اہم سیاسی شخصیات میں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش ایک مدبر، تجربہ کار اور مخلص سیاسی رہنما سے محروم ہو گیا، محترمہ خالدہ ضیاء کی سیاسی خدمات، اور جمہوری جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمان اور عوام بنگلہ دیش کی عوام کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے محترمہ خالدہ ضیاء کے اہل خانہ اور بنگلہ دیشی عوام کے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 4
پاکستان کے مستقل نمائندے عاصم افتخار نے منگل کو یہاں دفتر خارجہ میں ملاقات کی اور عالمی ادارے میں اپنی مصروفیات بارے آگاہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق عاصم افتخار نے نائب وزیراعظم کو نیویارک میں پاکستانی مشن خصوصاً اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور دیگر اداروں میں اپنی مصروفیات بارے آگاہ کیا۔ انہوں نے جموں وکشمیر اور فلسطینی کاز سمیت کثیر جہتی فورمز پر پاکستان کی خارجہ پالیسی کی اہم ترجیحات پیش کرنے کے لیے مشن کی مسلسل اور مستقل کوششوں پر بھی روشنی ڈالی۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عالمی امن، سلامتی اور اقتصادی ترقی کے حصول میں اقوام متحدہ اور کثیرالجہتی اداروں کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 5
کرنے کیلئے ضروری ہے کہ لوگوں کو بیمار ہونے سے بچایا جائے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ احتیاط علاج سے بہتر ہے، صحت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ کسی بھی ملک کیلئے صحت کا مسئلہ قومی سلامتی کا مسئلہ ہے، ہیلتھ سیکٹر کو صحیح سمت نہ دی تو یہ نیشنل کرائسز بن جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہیلتھ کیئر سسٹم کو مضبوط کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 6
کے نوٹیفکیشن کو برقرار رکھتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد کی درخواست مسترد کر دی۔ درخواست پر فیصلہ الیکشن ٹریبونل کے جج رانا زاہد محمود نے سنایا۔ سماعت کے دوران نواز شریف کی جانب سے بیرسٹر اسد اللہ چٹھہ نے دلائل پیش کیے۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے این اے 130 کے انتخابی نتائج کو چیلنج کرتے ہوئے موقف اختیار کیا تھا کہ الیکشن کمیشن نے قانون کے برخلاف نوٹیفکیشن جاری کیا تاہم ٹریبونل نے ان کے اعتراضات کو مسترد کر دیا۔

بقیہ نمبر 7
وزیراعظم خالدہ ضیاء کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے مرحومہ خالدہ ضیاء کے خاندان اور بنگلہ دیشی عوام سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں بنگلہ دیش کے بہن بھائی کے ساتھ ہیں۔

بقیہ نمبر 8
مضبوط، مستحکم اور متنوع ہو رہے ہیں اور اب یہ تعلقات صرف انفراسٹرکچر تک محدود نہیں بلکہ ایک وسیع، مارکیٹ پر مبنی اقتصادی شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ انہوں نے چین کو پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار قرار دیتے ہوئے بتایا کہ رواں سال کے پہلے آٹھ ماہ میں دونوں ممالک کے درمیان تجارتی حجم تقریباً 17 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاک چین تعلقات دہائیوں سے مسلسل مضبوط ہو رہے ہیں اور چین نے ہر بین الاقوامی فورم پر پاکستان کا بھرپور ساتھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی اقتصادی ترقی میں چین کا کردار بالخصوص چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے ذریعے نہایت اہم رہا ہے، جو بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کا نمایاں منصوبہ ہے۔ وفاقی وزیرخزانہ نے کہا کہ سی پیک کے پہلے مرحلے میں سڑکوں، بندرگاہوں، ہوائی اڈوں اور توانائی کے منصوبوں سمیت بنیادی انفراسٹرکچر پر توجہ دی گئی، جبکہ صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم لی چیانگ سے رواں سال ہونے والی اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کے بعد سی پیک کے دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک فیز ٹو میں موجودہ انفراسٹرکچر کو معاشی طور پر موثر بنانے پر توجہ دی جا رہی ہے اور یہ مرحلہ زیادہ تر بزنس ٹو بزنس تعاون پر مبنی ہے، جو نجی شعبے کی قیادت میں پائیدار ترقی کی جانب ایک واضح پیش رفت ہے۔ پاکستان کی اقتصادی ترجیحات سے متعلق ایک سوال پر سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ زراعت، معدنیات و کان کنی، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل معیشت وہ شعبے ہیں جن میں چینی سرمایہ کاری بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مرحلے میں تعاون صرف سرمایہ کاری تک محدود نہیں بلکہ علم کی منتقلی اور تکنیکی معاونت کو بھی خاص اہمیت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہزاروں پاکستانی زرعی گریجویٹس کو چینی جامعات میں داخلہ دیا جا چکا ہے تاکہ وہ جدید زرعی طریقے سیکھ کر پاکستان واپس آئیں، جس سے ملکی زرعی شعبے کو جدید بنانے اور پیداوار بڑھانے میں مدد ملے گی۔ وزیرخزانہ نے ہواوے سمیت بڑی چینی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کمپنیاں ہزاروں پاکستانی آئی ٹی گریجویٹس کو تربیت فراہم کر رہی ہیں، جو پاکستان کی ڈیجیٹل ترقی کے لیے ایک بڑا مثبت موڑ ثابت ہو سکتا ہے۔ عالمی غیر یقینی صورتحال، جغرافیائی کشیدگی اور بڑھتے ہوئے تحفظاتی رجحانات کے حوالے سے بات کرتے ہوئے وفاقی وزیرخزانہ نے کہا کہ پاکستان کی پالیسی چین کے ساتھ دیرینہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر مرکوز ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی معاونت صرف تجارت اور سرمایہ کاری تک محدود نہیں رہی بلکہ اہم اقتصادی ادوار میں، بشمول آئی ایم ایف پروگرام کے تناظر میں، چین نے پاکستان کی بھرپور مدد کی ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پانڈا بانڈ کے اجرا سے پاکستان کو دنیا کی دوسری سب سے بڑی اور گہری کیپیٹل مارکیٹ تک رسائی حاصل ہوگی، جس سے امریکی ڈالر پر انحصار کم کرنے اور یورو سکوک مارکیٹس کے ساتھ ساتھ فنانسنگ کے ذرائع کو متنوع بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ ماضی میں پاکستان اس مارکیٹ سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھا سکا، تاہم اب انہیں چینی سرمایہ کاروں کی جانب سے مثبت ردعمل کی توقع ہے۔ مستقبل کی جانب دیکھتے ہوئے سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان اب ایک واضح اسٹریٹجک اور اقتصادی روڈ میپ موجود ہے، جو حالیہ اعلیٰ سطحی دوطرفہ ملاقاتوں، بشمول شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس کے موقع پر تیانجن میں ہونے والی ملاقاتوں، کے بعد طے پایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک نہ صرف جغرافیائی و سیاسی ترجیحات پر ہم آہنگ ہیں بلکہ ایک طویل المدتی اقتصادی ایجنڈے پر بھی متفق ہیں، جو آئندہ برسوں میں پاک چین آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو مزید مضبوط بنائے گا۔

بقیہ نمبر 9
اپنی جگہ لیکن مذاکرات بھی ہونے چاہئیں، حالات جیسے تقاضے کر رہے ہیں مذاکرات ویسے نہیں ہو رہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ صاحب اقتدار سے درخواست کرتا ہوں کہ حالات کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے دل بڑا کریں، اس ملک کے قوم کے بچوں پر رحم کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لیے سسٹم رک گیا ہے، نہ رکتا تو روز یہاں کھڑے نہ ہوتے، عدالتی آرڈر ایس او پیز کے تحت جاری ہیں، طریقہ نکالیں جس سے حالات بہتر ہوں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اس سال دو سزائیں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو ہوئیں، سال 2025 میں دشمن کے ساتھ سیز فائر ہوا لیکن ہمارا آپس کا تناؤ ختم نہیں ہوا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ افسوس کے ساتھ 2026 میں داخل ہو رہے ہیں اور لگتا ہے یہ سال بھی سزاؤں کا سال ہوگا۔

بقیہ نمبر 10
میں ڈالنے والے تمام تشدد کے تمام طریقوں کو مسترد کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ روس نے صدر ولادیمیر پیوٹن کی سرکاری رہائش گاہ پر یوکرینی حملے کا الزام عائد کیا ہے۔ ماسکو سے خبر ایجنسی کے مطابق روس نے الزام لگایا کہ یوکرین نے نووگوروڈ ریجن میں واقع صدر پیوٹن کی رہائش گاہ پر حملہ کیا ہے، اس حوالے سے روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا کہ یوکرین نے صدر پیوٹن کی رہائش گاہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ روس کے مطابق یوکرین نے 28اور 29دسمبر کے درمیان پیوٹن کی رہائش گاہ پر 91 لانگ رینج ڈرونز فائر کیے۔ دوسری جانب خبر ایجنسی کے مطابق یوکرینی صدر زیلنسکی نے روسی صدر کی رہائش گاہ پر حملے کا الزام جھوٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ روس امن بات چیت کو خراب کرنا چاہتا ہے۔ یوکرینی صدر زیلنسکی نے بتایا کہ روس یوکرین کی سرکاری عمارتوں پر حملے کا جواز بنا رہا ہے، امریکا کو روس کی دھمکیوں پر ردعمل دینا چاہیے۔

بقیہ نمبر 11
رپورٹ کی روشنی میں نمٹا دی۔ تفتیشی افسر کے مطابق مقدمہ بے بنیاد درج ہوا اور تفتیش میں جعلی خط لکھا تو ثابت نہیں ہوا۔ سول جج کی اہلیہ انم، سسر الیاس اور سالے حسیب نے ضمانت کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ ملزمان کے وکیل وقار اے شیخ نے دلائل دیئے۔ وکیل نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ سول جج تاندلیانوالہ علی رضا نے بیوی کا جعلی اجازت نامہ بنا کر دوسری شادی کی اور جعلی اجازت نامہ بنانے پر بیوی نے سول جج کے خلاف مقدمہ درج کروادیا۔ ملزمان کے وکیل کے مطابق سول جج نے مقامی بار سے ملی بھگت کر کے ہائیکورٹ کے نام کا جعلی لیٹر بنایا اور جعلی لیٹر کو اپنی پہلی بیوی، سسر اور سالے سے منسوب کر کے مقدمہ درج کروادیا۔ استدعا کی گئی کہ عدالت بے بنیاد مقدمے میں ملزمان کی ضمانت منظور کرے۔

بقیہ نمبر 12
صدیق نے دائر کی جس میں اختیار کیا گیا کہ ڈپٹی کمشنر لاہور کی جانب سے 6، 7 اور 8 فروری کو بسنت کی اجازت کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، پچھلے چند دنوں میں پتنگ کی ڈور پھرنے سے ایک بچی اور نوجوان شدید زخمی ہوئے، پتنگ کی ڈور پھرنے کے واقعات سے ماضی میں قیمتی جانوں کا نقصان ہو چکا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ لاہور ہائیکورٹ ڈپٹی کمشنر کو جاری کیا گیا نوٹیفکیشن واپس لینے کا حکم دے اور مرکزی درخواست کے حتمی فیصلے تک ڈپٹی کمشنر کا نوٹیفکیشن معطل کرے۔

بقیہ نمبر 13
سربراہ خالدہ ضیا طویل علالت کے بعد 80برس کی عمر میں خالق حقیقی سے جاملیں، پارٹی کی جانب سے ان کے انتقال کی تصدیق کر دی گئی۔ بنگلا دیشی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق خالدہ ضیا جگر کے عارضے میں مبتلا تھیں اور وہ کافی عرصے سے ہسپتال میں زیر علاج تھیں، گزشتہ روز ڈاکٹروں نے ان کی حالت کو انتہائی تشویشناک قرار دیا تھا۔ بنگلا دیشی میڈیا کے مطابق ان کا علاج کرنے والے میڈیکل بورڈ کے رکن ڈاکٹر ضیاء الحق نے کہا تھا کہ خالدہ ضیا کو لائف سپورٹ پر رکھا گیا تھا اور باقاعدگی سے ڈائیلسس کیا جا رہا تھا، جب بھی ڈائیلسس روکا جاتا تو ان کی حالت میں نمایاں طور پر بگاڑ آ جاتا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ زیادہ عمر اور متعدد پیچیدہ بیماریوں کے باعث ایک ساتھ ہر بیماری کا علاج ممکن نہیں رہا تھا۔ واضح رہے کہ خالدہ ضیا 1991ء سے 1996ء تک بنگلا دیش کی وزیراعظم رہیں، خالدہ ضیا کے بیٹے چند روز قبل بنگلا دیش پہنچے تھے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے بیگم خالدہ ضیاء کا انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے سابق بنگلا دیشی وزیراعظم کے اہل خانہ اور عوام کے لئے صبر کی دعا کی۔ صدر مملکت کا تعزیتی پیغام میں کہنا تھا کہ بیگم خالدہ ضیا کے انتقال پر انتہائی افسوس ہوا، بنگلا دیش کیلئے ان کی سیاسی خدمات کو احترام سے یاد رکھا جائے گا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ بیگم خالدہ ضیاء بنگلہ دیش کی خدمت اور ترقی کی علامت تھیں، اور پاکستان کی مخلص دوست تھیں۔

بقیہ نمبر 14
گھروں سے باہر نکل آئے اور کئی گھنٹے کھلے آسمان تلے گزارے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 2 اعشاریہ 9 ریکارڈ کی گئی ہے۔ زلزلے کا مرکز کوئٹہ کے شمال میں 40 کلومیٹر دور تھا۔ آنے والے زلزلے سے کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

بقیہ نمبر 15
بات پاکستان کے نائب مستقل مندوب برائے اقوام متحدہ محمد عثمان اقبال جدون نے سلامتی کونسل کے اجلاس میں کہی، جو اسرائیل کی جانب سے صومالی لینڈ کو تسلیم کرنے کے معاملے پر بلایا گیا تھا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محمد عثمان اقبال جدون نے کہا کہ صومالیہ کی وفاقی جمہوریہ کے خطے صومالی لینڈ کو فلسطینیوں، خصوصاً غزہ کے عوام کی جلاوطنی کے لیے ممکنہ مقام کے طور پر پیش کرنے کے سابقہ اسرائیلی بیانات کے تناظر میں اس خطے کو تسلیم کرنا نہایت تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ مارچ میں ایسوسی ایٹڈ پریس نے رپورٹ کیا تھا کہ امریکا اور اسرائیل نے سوڈان، صومالیہ اور صومالی لینڈ کے حکام سے رابطہ کیا تھا کہ غزہ سے فلسطینیوں کی جبری منتقلی کے لیے ان علاقوں کو ممکنہ مقامات کے طور پر استعمال کرنے پر بات چیت کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کئی دہائیوں سے فلسطینی زمین پر اسرائیل کا قبضہ اور بے دخلی مشرق وسطی میں عدم استحکام اور تنازع کی بنیادی وجہ رہا ہے اور اب اسرائیل یہی غیر مستحکم رویہ افریقہ کے خطے تک منتقل کر رہا ہے، جس کے علاقائی امن اور سلامتی پر سنگین اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فلسطینیوں کی جبری نقل مکانی کے حوالے سے کسی بھی تجویز یا منصوبے کو قطعی طور پر مسترد کرتا ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ سلامتی کونسل کی ایک سابق قرارداد جس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے کی توثیق کی گئی تھی، اس میں واضح کیا گیا تھا کہ کسی کو بھی غزہ چھوڑنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے تمام اقدامات جو نقل مکانی یا دوبارہ آبادکاری کی وکالت کرتے ہیں یا اس کا عندیہ دیتے ہیں، نہ صرف بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہیں بلکہ منصفانہ اور پائیدار امن کے امکانات کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد کی بھرپور حمایت کرتا ہے اور دیرپا امن واستحکام کا واحد راستہ 1967 سے پہلے کی سرحدوں پر ایک آزاد، متصل اور خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ہے، جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو۔ محمد عثمان اقبال جدون نے اپنے خطاب میں صومالیہ کی خودمختاری، وحدت اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ انہوں نے صومالی لینڈ کو تسلیم کرنے کے اسرائیلی اقدام کو صومالیہ کی بین الاقوامی سرحدوں پر براہ راست حملہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ صومالی لینڈ کا خطہ صومالیہ کا لازمی، ناقابل تقسیم اور ناقابل علیحدگی حصہ ہے، اور کسی بھی بیرونی فریق کو اس حقیقت کو بدلنے کا نہ تو قانونی اختیار حاصل ہے اور نہ اخلاقی جواز۔ انہوں نے بتایا کہ اسلامی تعاون تنظیم کے کئی ممالک اور پاکستان نے اسرائیل کے اس اقدام کو مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف صومالیہ کی کامیابیوں کو برقرار رکھنے کے لیے اس کے سیکیورٹی اداروں اور استحکام کی کوششوں کی مسلسل اور قابل پیش گوئی حمایت ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک مرحلے پر، جب صومالیہ انتہاپسندی کے خلاف نبرد آزما ہے، کوئی بھی ایسا اقدام جو توجہ ہٹائے، اتحاد کو کمزور کرے یا تقسیم کو ہوا دے، انتہائی غیر ذمہ دارانہ ہے۔ عثمان اقبال جدون نے سلامتی کونسل اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ صومالیہ کی وحدت اور علاقائی سالمیت کو نقصان پہنچانے والے تمام اقدامات کو مسترد کیا جائے۔ دوسری جانب، عرب لیگ کے 22 رکنی رکن ممالک نے بھی اسرائیل کے اس اقدام کو مسترد کر دیا۔ اقوام متحدہ میں عرب لیگ کے سفیر ماجد عبدالفتاح عبدالعزیز نے کہا کہ وہ کسی بھی ایسے اقدام کو قبول نہیں کرتے جس کا مقصد فلسطینی عوام کی جبری منتقلی کو آسان بنانا یا شمالی صومالیہ کی بندرگاہوں کو فوجی اڈوں کے قیام کے لیے استعمال کرنا ہو۔ صومالیہ کے مستقل مندوب ابوکر داہر عثمان نے کہا کہ سلامتی کونسل کے رکن ممالک الجزائر، گیانا، سیرالیون اور صومالیہ نے کسی بھی ایسے اقدام کو یکسر مسترد کیا ہے، جس کا مقصد فلسطینی آبادی کو غزہ سے صومالیہ کے شمال مغربی خطے میں منتقل کرنا ہو۔ اس کے برعکس، امریکا نے اسرائیل کے صومالی لینڈ کو تسلیم کرنے کے حق کا دفاع کیا اور اس کا موازنہ فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے والے ممالک سے کیا۔ اقوام متحدہ میں امریکا کی نائب سفیر ٹیمی بروس نے کہا کہ اسرائیل کو بھی دیگر خودمختار ریاستوں کی طرح سفارتی تعلقات قائم کرنے کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں برس سلامتی کونسل کے بعض ارکان سمیت کئی ممالک نے ایک غیر موجود فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کا یکطرفہ فیصلہ کیا، لیکن اس پر کوئی ہنگامی اجلاس نہیں بلایا گیا، اور اس پر دوہرے معیار کا الزام عائد کیا۔ سلووینیا کے سفیر سیموئیل ژبوگار، جن کے ملک نے فلسطینی ریاست کو تسلیم کیا ہے، نے امریکی مؤقف کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین کسی ریاست کا حصہ نہیں بلکہ ایک غیر قانونی طور پر مقبوضہ علاقہ ہے، جیسا کہ بین الاقوامی عدالت انصاف نے قرار دیا ہے، جبکہ صومالی لینڈ اقوام متحدہ کے ایک رکن ملک کا حصہ ہے اور اسے تسلیم کرنا اقوام متحدہ کے چارٹر کے منافی ہے۔ برطانیہ کے سفیر جیمز کاریوکی نے صومالیہ کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، سیاسی آزادی اور وحدت کے لیے اپنے ملک کی حمایت کا اعادہ کیا۔ اسرائیل کے نمائندے جوناتھن ملر نے کہا کہ یہ اقدام صومالیہ کے خلاف کوئی معاندانہ قدم نہیں اور اس سے فریقین کے درمیان مستقبل میں مکالمے کے امکانات ختم نہیں ہوتے بلکہ اسے خطے میں استحکام کو مضبوط بنانے کا ایک موقع قرار دیا۔

بقیہ نمبر 16
کی پروازیں منسوخ کر دی گئیں، لاہور سے بینکاک، دوحہ، سعودیہ، چین، امارات کی 10 پروازیں بروقت روانہ نہ ہو سکیں۔ دھند کے باعث اندرون اور بیرون ملک کی پروازوں کا شیڈول متاثر ہوا ہے۔ شدید دھند کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوئی۔

بقیہ نمبر 17
تاکہ فرض شناس اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ کانسٹیبل راؤ شریف کو دوران ڈیوٹی ٹرین سے پیسوں سے بھرا ایک بیگ ملا تھا، جس میں 38 لاکھ روپے کی خطیر رقم موجود تھی۔ مذکورہ بیگ کراچی کے ایک تاجر محسن کا تھا، جسے راؤ شریف نے مکمل دیانتداری کے ساتھ اصل مالک کو ڈھونڈ کر روہڑی اسٹیشن پر اس کے حوالے کر دیا۔ وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے کانسٹیبل راؤ شریف کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ راؤ شریف جیسے ایماندار اور فرض شناس لوگ ہی ریلوے کا اصل چہرہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایمانداری اور فرض شناسی ریاستی اداروں کی اصل طاقت ہوتی ہے اور ایسے اقدامات سے سرکاری اداروں پر عوام کے اعتماد میں مزید اضافہ ہوتا ہے۔

بقیہ نمبر 18
پروازیں 6 سال کے طویل وقفے کے بعد روانہ کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی ایئر لائن پہلے ہی مانچسٹر کے لیے ہفتہ وار 3 پروازیں آپریٹ کر رہا ہے۔

بقیہ نمبر 19
گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 3 ہزار 842 گاڑیوں کو ایم ٹیگ جاری کیے گئے، اسسٹنٹ کمشنرز کی جانب سے ایم ٹیگ سینٹرز پر انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے دورے کیے گئے۔ عرفان میمن نے کہا کہ یکم جنوری سے مختلف انٹری پوائنٹس پر بغیر ایم ٹیگ گاڑیوں کو روکنے کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ ڈی سی اسلام آباد کے مطابق بغیر ایم ٹیگ گاڑیوں کی نشاندہی کے لیے لگائے گئے ٹیگ ریڈرز یکم جنوری سے فعال کر دیے جائیں گے۔ ڈی سی اسلام آباد نے ایم ٹیگ سینٹر سٹاف کو ٹیگ لگانے کا سلسلہ تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو سہولت دینے کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جا رہی ہے، شہریوں کی آسانی کے لیے ایم ٹیگ سینٹرز کی تعداد 16 تک بڑھائی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 20
ساتھ انتظامی سطح تک بھی تاریخی اقدامات کر رہی ہیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ڈیجیٹل سسٹم کا افتتاح کر دیا جس کے تحت اب سول کورٹس اکاؤنٹس مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے عدالتی فیسوں اور جرمانوں کی ادائیگی مکمل طور پر ڈیجیٹل کر دی گئی، جس سے فراڈ کے امکانات ختم ہو گئے ہیں۔ عدالتی واجبات کی ادائیگی اب براہ راست نیشنل بینک آف پاکستان کے ذریعے ہوگی جبکہ چالان فارم ڈیجیٹل سسٹم کے تحت A-32 کا اجرا خودکار طریقے سے PSID کے ذریعے ہوگا، تمام جوڈیشل افسران کو مخصوص رسائی دی گئی ہے، تمام مالیاتی آرڈرز آن لائن ہوں گے اور نیشنل بینک کے ساتھ منسلک نظام میں فوری تصدیق کو ممکن بناتا ہے۔ عدالتی جرمانوں کا ریکارڈ ایک کلک پر دستیاب ہوگا، مستقبل میں اس سسٹم کو اکاؤنٹنٹ جنرل آفس کے ساتھ لنک کرنے کی منصوبہ بندی بھی کی جا رہی ہے، نئے متعارف شدہ جوڈیشل ڈپازٹس اور سیکیورٹیز سافٹ ویئر کے ذریعے بینکوں میں جمع عدالتی رقوم اور سیکیورٹیز کی نگرانی ہوگی، ہر عدالتی برانچ اپنے اکاؤنٹس کا الگ ریکارڈ رکھ سکے گی جبکہ مجموعی ریکارڈ بھی دستیاب ہوگا، جس سے غلطیوں کے امکانات ختم ہوں گے اور شفافیت کو فروغ ملے گا۔ بینکنگ اینڈ فنڈز مینجمنٹ ونگ اب اکاؤنٹس کی موثر نگرانی کر سکے گا، جدید انوینٹری مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے عدالتی سٹورز اور سٹاک کی نگرانی بھی ڈیجیٹل ہو گئی ہے، سامان کی وصولی سے لے کر دفاتر تک فراہمی کے تمام مراحل اب خودکار ہیں اور میعاد ختم ہونے سے پہلے سسٹم خودکار الرٹس جاری کرے گا، اس سے قیمتی سرکاری سامان کے ضائع ہونے سے بچاؤ ممکن ہوگا اور ناکارہ یا خراب سامان کی واپسی کا مکمل ریکارڈ بھی برقرار رہے گا۔ منصوبے کے تحت سٹاک مینجمنٹ کے SOPs پر عملدرآمد بھی 100 فیصد یقینی بنایا گیا ہے۔ یہ تاریخی اقدامات نہ صرف عدالتی نظام میں شفافیت اور موثریت کو فروغ دیں گے بلکہ عدالتی اور سرکاری وسائل کے تحفظ کو بھی یقینی بنائیں گے، جس سے لاہور ہائیکورٹ کے جدید انتظامی نظام میں ایک اہم سنگ میل طے ہو گیا ہے۔ وکلاء تنظیموں نے اس پراجیکٹ پر چیف جسٹس مس عالیہ نیلم کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سینئر قانون دان احسن بھون نے کہا ہے کہ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے جوڈیشل سسٹم کی بہتری کیلئے جو اقدامات کیے یہ تاریخ میں کوئی نہیں کر سکا، سائلین کو بروقت انصاف کی فراہمی ہو یا انتظامی سطح پر اصلاحات کا معاملہ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم کے مثبت اقدامات سے جوڈیشل سسٹم پر لوگوں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔ قانونی ماہر شیبا قیصر کا کہنا ہے کہ عدالتی اصلاحات وقت کی اہم ضرورت تھی، چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے بڑے پیمانے پر نہ صرف اصلاحات کیں بلکہ ان کا نفاذ بھی کیا جس سے انصاف کی بروقت فراہمی کے نظام میں بڑی پیشرفت ہوئی۔

بقیہ نمبر 21
بورڈ ختم کر دیا۔ ذرائع کے مطابق رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے کہ نیا پارلیمانی بورڈ آئین کے تحت بنایا جائے۔ اسی طرح نئے پارلیمانی بورڈ میں ریجنل صدور، ٹکٹ ہولڈز، ایم این ایز اور سینیٹرز کو شامل کرنے کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 22
کی تجاویز مرتب کریں گے جبکہ 23 جنوری تک تمام ڈسٹرکٹ کمشنرز بلدیاتی اداروں کی حد بندی کا کام مکمل کریں گے۔

بقیہ نمبر 23
سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشنز کیے گئے، سرچ اینڈ اسٹرائیک آپریشنز کے دوران 731 افراد کو حراست میں لیا گیا۔ آپریشنز کے دوران 846 ہتھیار اور 14 ہزار سے زائد گولیاں برآمد کی گئیں جبکہ پشاور میں منشیات کے خلاف کارروائیوں میں 524 ملزمان گرفتار کیے گئے۔ 90 کلو چرس، 91 کلو آئس اور تقریباً 3 کلو ہیروئن بھی برآمد کی گئیں۔ پشاور میں منشیات کے اڈوں پر کریک ڈاؤن کے دوران 95 بوتلیں شراب ضبط کی گئیں۔ کرایہ داری قوانین کی خلاف ورزی پر 1596 افراد کو گرفتار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 24
منعقد ہوا، جس میں 'ستھرا پنجاب' پروگرام، سڑکوں پر موجود گڑھوں کے خاتمے اور شہروں کی خوبصورتی کے لیے جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری کا کہنا تھا کہ آوارہ کتے اور کھلے مین ہولز انسانی جانوں کے لیے سنگین خطرہ بن چکے ہیں اور اس معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق ان مسائل پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔ چیف سیکرٹری نے واضح کیا کہ حکومت کی اولین ترجیح عوام کا تحفظ ہے، غفلت کے مرتکب افسران اور اداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری نے اضلاع میں قائم پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹیز (پی ایچ اے) اور واسا کو فوری طور پر مکمل فعال بنانے کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے اضلاع میں پی ایچ ایز کے لیے درکار انسانی وسائل اور فنڈز سے متعلق جامع منصوبہ دو روز کے اندر پیش کرنے کا حکم بھی دیا۔ سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس، ڈائریکٹر جنرل ایل ڈی اے اور دیگر متعلقہ حکام اجلاس میں شریک ہوئے، جبکہ سیکرٹری ہاؤسنگ، تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شامل تھے۔

بقیہ نمبر 25
برف ہٹانے کے لیے مشینری تیار ہے جبکہ برفباری شروع ہوتے ہی نمک پاشی اور کلیئرنس کا عمل فوری طور پر شروع کر دیا جائے گا۔ چیف سیکرٹری نے زور دیا کہ برفباری کے دوران ٹریفک کی روانی ہر صورت برقرار رکھی جائے اور ہیوی مشینری کو مسلسل فعال رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحوں کی رہنمائی اور آگاہی کے لیے بروقت اور درست معلومات کی فراہمی نہایت اہم ہے، تاکہ غیر ضروری رش اور ٹریفک جام سے بچا جا سکے۔ چیف سیکرٹری نے اس مقصد کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطے پر بھی زور دیا۔ اجلاس میں انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بتایا کہ مری پولیس کی معاونت کے لیے لاہور سے اضافی نفری روانہ کی جائے گی، تاکہ ٹریفک کنٹرول اور سیکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر مری نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سیاحوں کی سہولت کے لیے مری میں 13 سہولت مراکز قائم کیے جا چکے ہیں جبکہ صورتحال کی چوبیس گھنٹے نگرانی کے لیے کنٹرول روم بھی فعال کر دیا گیا ہے۔ اجلاس میں خزانہ، کمیونیکیشن اینڈ ورکس، سیاحت، سیکرٹری ریسکیو 1122 کے سیکرٹریز اور ڈی جی پی ڈی ایم اے نے شرکت کی، جبکہ کمشنر راولپنڈی ڈویژن، آر پی او راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 26
کہا کہ پنجاب اسمبلی کو ذاتی جاگیر سمجھنے والوں نے آئین، جمہوریت اور پارلیمانی روایات کو پامال کر دیا ہے، خیبرپختونخوا کے منتخب وزیراعلیٰ، وزرا اور مہمانوں کے ساتھ بدسلوکی، دھکے اور گالم گلوچ ناقابل قبول اور شرمناک فعل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی میں نام نہاد صحافیوں کے روپ میں سیاسی غنڈوں کو داخل کرنا ایک منظم سازش تھی جس کا مقصد تضحیک اور اشتعال پھیلانا تھا۔ شوکت بسرا نے کہا کہ پشتو بولنے والے عوام کے خلاف نسلی تعصب اور توہین آمیز زبان انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اور ناقابل برداشت ہے۔ نسلی منافرت پر مبنی بیانات دینے والوں نے ثابت کر دیا کہ انہیں پاکستان کی ثقافتی تنوع اور قومی یکجہتی سے کوئی سروکار نہیں۔

بقیہ نمبر 27
حلال میٹ ایکسپورٹ کرے گا، جس کا کل مالیتی حجم 14.5 ملین ڈالر ہے۔ موثر تجارتی سہولیات دوطرفہ تجارت کو 300 ملین ڈالر تک وسعت دے کر علاقائی اقتصادی ہم آہنگی کو تقویت بخشیں گی۔ دوطرفہ تجارتی روابط کو مضبوط بنانے کے لیے براہ راست پروازوں کی اہمیت، کاروبار اور سیاحت کے تبادلوں پر بھی زور دیا گیا۔ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تعلیمی تعاون میں بھی بھرپور پیش رفت، طلبہ و اساتذہ کے تبادلے کے لیے ایم او یو پر بھی دستخط کا اعلان کیا گیا۔ پاکستان لائیوسٹاک اور حلال فوڈ سیکٹر کے ذریعے وسطی ایشیا میں معاشی اعتماد اور تجارتی شناخت کی نئی کہانی رقم کر رہا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی جامع سہولت کاری سے پاکستان کو وسطی ایشیا میں تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی روابط میں نئی جہت مل رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق میٹ پروسیسنگ اینڈ ایکسپورٹ کے ہیڈ نوید اقبال کے مطابق خلیجی ممالک کو میٹ ایکسپورٹ سے بڑے پیمانے پر کاروباری مواقع اور فارن ایکسچینج میں نمایاں اضافہ ممکن ہوگا۔ نوید اقبال نے کہا کہ دوطرفہ تجارت اور میٹ ایکسپورٹ سے کسانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع اور ملک میں معاشی خوشحالی کی راہیں کھل رہی ہیں۔ ایس آئی ایف سی کی انتھک محنت اور کاروباری حکمت عملی سے پاکستان کی میٹ ایکسپورٹ 9 ممالک سے بڑھ کر 13 ممالک تک پہنچ گئی ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں پاکستان اور برازیل نے بھی لائیوسٹاک، ڈیری اور گوشت کی صنعت میں شراکت داری کو نئی وسعت دینے اور تعاون مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

بقیہ نمبر 28
میں مسلسل بگاڑ دیکھا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق افغان طالبان کے زیر اقتدار افغانستان عالمی امن اشاریے میں 163 ممالک میں سے 158 ویں نمبر پر آ گیا ہے۔ آئی ای پی کے مطابق گزشتہ سال کے مقابلے میں افغانستان میں امن کی مجموعی صورتحال میں 0.28 فیصد مزید تنزلی ریکارڈ کی گئی ہے جو سنگین سیکیورٹی بحران کی نشاندہی کرتی ہے۔ گلوبل پیس انڈیکس رپورٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ افغانستان جنوبی ایشیا کا سب سے غیر محفوظ اور کمزور ملک بن چکا ہے، جہاں تمام بنیادی امن اشاریوں میں بدترین کارکردگی سامنے آئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق تشدد، ہتھیاروں کی آسان دستیابی، کمزور حکمرانی اور مسلسل عدم استحکام نے ملکی سلامتی کو شدید خطرے میں ڈال رکھا ہے۔ آئی ای پی نے اپنی رپورٹ میں اس امر کی بھی نشاندہی کی ہے کہ افغانستان میں سرگرم مسلح دہشت گرد گروہ نہ صرف ملک بلکہ پورے خطے کی سلامتی کے لیے خطرہ بن چکے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ان گروہوں کو جدید ہتھیاروں تک وسیع رسائی حاصل ہے، جس سے علاقائی عدم استحکام میں اضافہ ہو رہا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ افغانستان میں بڑھتی ہوئی غربت، بے روزگاری اور معاشی بحران نے نوجوانوں کو شدت پسند عناصر کے اثر میں دھکیل دیا ہے جس کے نتیجے میں سیکیورٹی خدشات مزید بڑھ رہے ہیں۔ یہ صورتحال ہمسایہ ممالک، بالخصوص پاکستان، کے لیے بھی مسلسل خطرے کا باعث بن رہی ہے۔ آئی ای پی کے مطابق افغانستان کی سیکیورٹی صورتحال میں ہونے والی تبدیلیاں براہ راست پاکستان پر اثرانداز ہوتی ہیں اور 2025 کے موجودہ حالات میں یہ اثرات مزید پیچیدہ اور سنگین ہو چکے ہیں۔ رپورٹ میں اس امر کی بھی نشاندہی کی گئی ہے کہ پاکستان عالمی فورمز پر افغانستان سے جنم لینے والی دہشت گردی کے شواہد پیش کرتا رہا ہے۔ افغانستان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر عالمی سطح پر شدید تشویش پائی جا رہی ہے، اور ماہرین کے مطابق اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو یہ بحران خطے کے امن کے لیے مزید خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 29
ومعروف قانون دان سردار لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ حنیف عباسی کے خلاف ایفی ڈرین کیس میں ان کے مخالفین نے 5 کروڑ روپے فیس کی پیشکش کی تھی لیکن میں نے کیس لینے سے انکار کر دیا تھا، نواز شریف کے خلاف طیارہ ہائی جیکنگ کیس میں بھی میرے ساتھ رابطہ کیا گیا تھا اور اس کیس میں بھی کروڑوں روپے فیس کی پیشکش ہوئی تھی لیکن میں نے نواز شریف کے خلاف کیس نہیں لیا تھا۔ ایک انٹرویو میں سردار لطیف کھوسہ نے کہا کہ میں نے اس وقت کہا تھا میری نواز شریف سے مخالفت اپنی جگہ لیکن طیارہ ہائی جیکنگ کا کیس اور وہ بھی پرویز مشرف کا بنایا ہوا میں نہیں لڑوں گا اور معذرت کر لی تھی، مجھے اس کیس میں کئی کروڑوں روپے فیس کی پیشکش تھی۔ انہوں نے اس سوال کہ فیس لیتے کتنی ہیں کے جواب میں کہا کہ آپ کیوں ٹیکس والوں کو میرے پیچھے پڑوانا چاہتے ہیں۔

بقیہ نمبر 30
کے شعبوں میں حاصل ہونے والے اہداف سے متعلق اعداد وشمار جاری کر دیے گئے۔ واپڈا کے ترجمان کے مطابق 2025 میں واپڈا نے نیشنل گرڈ کو 33 ارب 12 کروڑ یونٹ سستی پن بجلی مہیا کی، واپڈا پن بجلی نیشنل گرڈ میں توانائی کا سستا ترین ذریعہ ہے، نیشنل گرڈ کو فراہم کی گئی واپڈا پن بجلی کی قیمت 3 روپے 83 پیسے فی یونٹ ہے۔ ترجمان کے مطابق پن بجلی کی پیداوار کے دوران زہریلی اور مضر صحت گیسز کا اخراج زیرو ہوتا ہے، 2025ء میں تربیلا پن بجلی گھر نے نیشنل گرڈ کو 14 ارب 30 کروڑ یونٹ بجلی فراہم کی، تربیلا چوتھے توسیعی منصوبے نے 5 ارب 60 کروڑ یونٹ بجلی فراہم کی۔ اسی طرح غازی بروتھا نے نیشنل گرڈ کو 6 ارب 50 کروڑ یونٹ بجلی جبکہ منگلا نے 3 ارب 60 کروڑ یونٹ بجلی فراہم کی۔ اگست میں مہمند پروجیکٹ پر مین ڈیم کی بھرائی شروع کرنے کا اہم ہدف حاصل کیا گیا، دیامر بھاشا ڈیم، مہمند ڈیم، داسو، تربیلا پروجیکٹ سمیت واپڈا کے 8 زیر تعمیر منصوبوں پر کام جاری ہے۔ واپڈا کے ترجمان کے مطابق مہمند ڈیم کی تکمیل پر پشاور کو روزانہ 30 کروڑ گیلن پینے کا پانی بھی میسر آئے گا۔

بقیہ نمبر 31
رابطہ کیا جائے گا۔ منگل کو کمیٹی چیئرپرسن نوشین افتخار نے کہا کہ پاکستان میں آئس جیسی منشیات کے استعمال کے باعث طلاق، قتل اور خودکشی کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ رکن کمیٹی آسیہ ناز تنولی نے انکشاف کیا کہ سفید رنگ کی چاکلیٹ نما منشیات بچیوں میں استعمال ہو رہی ہے اس کے شواہد فراہم کرنے کو بھی تیار ہوں جس پر کمیٹی نے منشیات کے معاملے پر علیحدہ اجلاس بلانے کا فیصلہ کیا۔ سوشل میڈیا پر ہراسانی کے حوالے سے ناز بلوچ نے بتایا کہ خواتین کو خطرناک ایپلیکیشنز تک آسان رسائی حاصل ہے جبکہ سائبر کرائم ونگ زیادہ تر کیسز سنبھالنے سے قاصر ہے۔ خواتین رپورٹ درج کروانے سے خوفزدہ ہوتی ہیں اور کئی کیسز چھ ماہ بعد بند کر دیے جاتے ہیں۔ چیئرپرسن کمیٹی نے الزام عائد کیا کہ بعض اوقات ایف آئی اے اہلکار شکایات کی معلومات ملزمان تک پہنچا دیتے ہیں اور شواہد کے طور پر لیے گئے موبائل فون غائب کر دیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کئی خود سائبر کرائم کی متاثرہ ہوں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سوشل میڈیا ہراسانی اور سائبر کرائم کے معاملات پر ویمن کاکس کا خصوصی اجلاس بلایا جائے گا جبکہ پیٹا سے بھی رابطہ کیا جائے گا۔ کمیٹی نے اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری سینئر سٹیزنز ترمیمی بل دوہزار پچیس کثرت رائے سے منظور کر لیا جبکہ پاکستان کلائمیٹ ریفیوجیز رائٹس اینڈ پروٹیکشن بل دوہزار چوبیس موخر کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 32
محمد حنیف عباسی نے ریلوے پولیس اہلکار کو خراج تحسین کرتے ہوئے کہا کہ راؤ شریف جیسے ایماندار اور فرض شناس لوگ ریلوے کا اصل چہرہ ہیں، ایمانداری اور فرض شناسی ریاستی اداروں کی اصل طاقت ہے۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ ریلوے پولیس اہلکار کا عمل عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط کرے گا۔ کانسٹیبل راؤ شریف نے ٹرین سے ملے 38 لاکھ روپے اصل مالک کو ڈھونڈ کر واپس کیے تھے۔ رقم سے بھرا بیگ کراچی کے تاجر محسن کا تھا، جو روہڑی اسٹیشن پر اصل مالک کے حوالے کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 33
کا بگٹی قبائل کے چیف کے طور پر انتخاب بگٹی برادری کے بھرپور اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعزاز میر سرفراز بگٹی کی سیاسی بصیرت، قائدانہ صلاحیتوں اور بلوچستان کے عوام کی سماجی و معاشی فلاح و بہبود کے لیے ان کی مسلسل خدمات کا اعتراف ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ بطور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی صوبے میں ترقی، تعلیم کے فروغ اور ادارہ جاتی استحکام کے لیے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جامع ترقی اور سیاسی استحکام کے حوالے سے ان کا وژن ان کی بالغ نظری اور بلوچستان کو درپیش چیلنجز کی گہری فہم کا مظہر ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ بلوچستان اس وقت بھارتی سرپرستی میں ہونے والی فتنہ الخوارج اور سرحد پار دہشت گردی جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، جو امن و ترقی کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر سرفراز احمد بگٹی بلوچستان کے عوام، پاک فوج اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے سمیت پورے ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سرگرم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے میر سرفراز احمد بگٹی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ بگٹی قبائل کے چیف کی حیثیت سے وہ مزید عزم اور اعتماد کے ساتھ صوبے کے عوام کی خدمت جاری رکھیں گے اور بلوچستان میں قومی یکجہتی، سیاسی استحکام اور امن و امان کے فروغ کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 34
کی مکراس کے باوجود پی ٹی آئی نے بات چیت سے انکار کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات کا حل مذاکرات ہی میں ہے تاہم جب جواب میں بدزبانی ہو تو معاملات آگے نہیں بڑھ سکتے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ اقتدار ایک عارضی چیز ہے اور سیاست میں مستقل مزاجی اور برداشت کی ضرورت ہوتی ہے۔ حکومت اب بھی مذاکرات کیلئے تیار ہے لیکن پی ٹی آئی کی قیادت کی جانب سے سنجیدہ رویہ سامنے نہیں آ رہا۔ خواجہ آصف نے ادارہ جاتی احتساب سے متعلق بات کرتے ہوئے کہا کہ سابق ڈی جی آئی ایس آئی کا احتساب کیا گیا، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اداروں میں خود احتسابی کا عمل موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے ادارے سے احتساب کی شروعات کا کریڈٹ موجودہ فوجی قیادت کو جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 35
وفاقی حکومت اس ضمن میں ہر طرح سے سپورٹ کے لیے تیار ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں خیبرپختونخوا کے عوام کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الخوارج اور سہولت کاروں کا خاتمہ مشترکہ اقدامات سے کیا جا رہا ہے۔ خوارجیوں کے خلاف کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 36
یو این ایجنسی کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہا ہے، ایجنسی پورے مشرق وسطی میں لاکھوں فلسطینیوں کو تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال فراہم کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 37
بنگلا دیشی عوام کے ساتھ ہماری دعائیں ہیں، بیگم خالدہ ضیاء پاکستان کی ایک مخلص اور دیرینہ دوست تھیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اللہ تعالیٰ خالدہ ضیاء کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ واضح رہے کہ بنگلا دیش کی سابق وزیراعظم خالدہ ضیاء انتقال کر گئیں۔ وہ بنگلا دیش کی پہلی خاتون وزیراعظم تھیں۔ بنگلا دیش نیشنل پارٹی کے مطابق خالدہ ضیاء کا انتقال دارالحکومت ڈھاکا کے اسپتال میں مقامی وقت کے مطابق صبح 6 بجے ہوا۔ خالدہ بنگلا دیش کے سابق صدر ضیاء الرحمان کی اہلیہ تھیں۔ وہ طویل عرصے سے کئی بیماریوں کا شکار تھیں، ان کی عمر 80 برس تھی۔

بقیہ نمبر 38
1 لاکھ 43 ہزار ٹن حلال میٹ ایکسپورٹ کرے گا، جس کا کل مالیتی حجم 14.5 ملین ڈالر ہے۔ موثر تجارتی سہولیات دوطرفہ تجارت کو 300 ملین ڈالر تک وسعت دے کر علاقائی اقتصادی ہم آہنگی کو تقویت بخشیں گی۔ دوطرفہ تجارتی روابط کو مضبوط بنانے کے لیے براہ راست پروازوں کی اہمیت، کاروبار اور سیاحت کے تبادلوں پر بھی زور دیا گیا۔ پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تعلیمی تعاون میں بھی بھرپور پیش رفت، طلبہ و اساتذہ کے تبادلے کے لیے ایم او یو پر بھی دستخط کا اعلان کیا گیا۔ پاکستان لائیوسٹاک اور حلال فوڈ سیکٹر کے ذریعے وسطی ایشیا میں معاشی اعتماد اور تجارتی شناخت کی نئی کہانی رقم کر رہا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی جامع سہولت کاری سے پاکستان کو وسطی ایشیا میں تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی روابط میں نئی جہت مل رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق میٹ پروسیسنگ اینڈ ایکسپورٹ کے ہیڈ نوید اقبال کے مطابق، خلیجی ممالک کو میٹ ایکسپورٹ سے بڑے پیمانے پر کاروباری مواقع اور فارن ایکسچینج میں نمایاں اضافہ ممکن ہوگا۔ نوید اقبال نے کہا کہ دوطرفہ تجارت اور میٹ ایکسپورٹ سے کسانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع اور ملک میں معاشی خوشحالی کی راہیں کھل رہی ہیں۔ ایس آئی ایف سی کی انتھک محنت اور کاروباری حکمت عملی سے پاکستان کی میٹ ایکسپورٹ 9 ممالک سے بڑھ کر 13 ممالک تک پہنچ گئی ہے۔ واضح رہے کہ حال ہی میں پاکستان اور برازیل نے بھی لائیوسٹاک، ڈیری اور گوشت کی صنعت میں شراکت داری کو نئی وسعت دینے اور تعاون مزید گہرا کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

بقیہ نمبر 39
حاصل ہونے کا امکان ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ بسنت کے تہوار کے اعلان کے بعد پنجاب کے مختلف اضلاع اور سندھ کے بعض اضلاع خصوصاً کراچی سے لوگوں کی بڑی تعداد کی صوبائی دارالحکومت لاہور آمد متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 40
ڈاکٹر سجاد حسین نے کی۔

بقیہ نمبر 41
شاہ رحمہ اللہ کے وصال سے صرف ایک عظیم شخصیت ہی رخصت نہیں ہوئی بلکہ صدیوں سے چلی آ رہی تربیت، توازن اور روحانی قیادت کی ایک مضبوط کڑی بھی ہم سے جدا ہو گئی ہے۔ ان کی زندگی اخلاص، وقار اور خدمت دین سے عبارت تھی۔ وہ شہرت کے ہنگاموں سے دور رہتے ہوئے خاموش مگر گہرے اثرات رکھنے والی قیادت کے علمبردار تھے۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سید مختار الدین شاہ صاحب کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے، ان کی علمی و روحانی خدمات کو شرف قبولیت عطا فرمائے اور امت مسلمہ کو اس عظیم خلا کو صبر، شعور اور ذمہ داری کے ساتھ سنبھالنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 42
وصال کے صدمے کو فراموش بھی نہ کر پائے تھے کہ مختار الامہ مولانا پیر مختار الدین شاہ بھی داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔ ان کے وصال سے ہر کلمہ گو کا دل رنجیدہ ہو گیا ہے۔ انہوں نے اپنی تعلیمات اور ذکر و فکر کی صورت میں جو صدقہ جاریہ چھوڑا ہے، وہ قیامت تک پوری انسانیت کے لیے متاع عزیز رہے گا۔ ان کی خانقاہی خدمات، دینی جدوجہد اور روحانی تربیت نے ہزاروں افراد کی زندگیوں کو سنوارا اور انہیں اللہ کے قریب کیا۔

بقیہ نمبر 43
ایک تاریخی اور ثقافتی اہمیت کا حامل شہر ہے اور اس نوعیت کے پروگرام مقامی ثقافت کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ونٹر کیرنیول نوجوان نسل کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کا موثر ذریعہ ہے اور ایسے پروگرام معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہیں۔ سابق ضلع ناظم فوزیہ خالد وڑائچ نے کہا کہ خواتین اور نوجوانوں کی بڑی تعداد میں شرکت کیرنیول کی کامیابی کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ثقافتی سرگرمیاں معاشرے میں امن، برداشت اور خوشی کے پیغام کو عام کرتی ہیں جبکہ اس طرح کے پروگرام علاقائی ترقی اور سماجی یکجہتی کو مضبوط بناتے ہیں۔ کمالیہ ونٹر کیرنیول مقامی ٹیلنٹ کے اظہار اور عوامی ثقافت کو زندہ رکھنے کا ایک بہترین پلیٹ فارم ثابت ہو رہا ہے۔

بقیہ نمبر 44
زدوکوب کرتے ہوئے پٹواری کے کپڑے پھاڑ دیئے اور کام سے روک دیا۔ جسکی اطلاع پر پولیس تھانہ کینٹ نے نائب تحصیلدار سمیع اللہ کی مدعیت میں 15 خواتین سمیت 2 درجن سے زائد حملہ آوروں کے خلاف زیر دفعہ 353/186/147/149 ت پ مقدمہ درج کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ نمبر 45
ڈی ایس پی سرکل ڈاکٹر ممتاز احمد مکین کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ بولانی احسان لطیف نیاپی پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش شفقت سبحانی ولد اعجاز احمد قوم راجپوت سکنہ منڈی بھلوال کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 1320 گرام چرس برآمد کر لی۔ پولیس نے گرفتار ملزم کیخلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 46
نے 2025 میں معمول سے کم بارش ہوئی، 7 سے 8 ہیٹ ویو ہم نے دیکھی جو بہت خطرناک صورت حال ہے، پاکستان کا 2025 کا مون سون ایک اگریسو ٹائپ مون سون تھا۔ ڈاکٹر طیب شاہ نے کہا کہ پہلی بار مون سون بیسز کا کانسپٹ دیا ہیڈیا کے وہ راستہ جہاں فلڈ پلین ہیں ان علاقوں میں تعمیرات کو روکنا اور ساتھ ساتھ دریاؤں اور نالوں کی صفائی کرنا۔ نئے سال 20 فیصد زائد بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے، حکومت کو سنگین چیلنجز درپیش ہیں، چھوٹے ڈیمز سمیت دیگر اہم تجاویز پر عملدرآمد کیلئے 245 روزہ پلان تیار ہے۔

بقیہ نمبر 47
قیمتوں میں 10روپے60 پیسے فی لیٹر تک کمی کا امکان ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا ابتدائی ورکنگ پیپر تیار کر لیے گئے ہیں۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق پٹرول قیمت میں یکم جنوری سے 10 روپے60 پیسے فی لیٹر کمی تجویز ہے، اس کے علاوہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 8 روپے 59 پیسے فی لیٹر کمی کی تجویز ہے، جبکہ مٹی کے تیل کی قیمت میں 9روپے فی لیٹر کمی، لائٹ ڈیزل کی قیمت میں 6 روپے 62 پیسے فی لیٹر کمی کی تجویز ہے۔ اوگرا (آج) بدھ کو ورکنگ پیپر حکومت کو بھجوائیگی، حکومت ریونیو ضروریات مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کریگی، وزارت خزانہ وزیراعظم کی منظوری کے بعد فیصلہ کریگی، حتمی نوٹیفکیشن وزارت پٹرولیم سے جاری کیا جائے گا، حکومت نے لیوی یا ٹیکسز عائد نہ کیے تو نئے سال پر عوام کو ریلیف ملے گا۔

بقیہ نمبر 48
جا سکے گا۔ تاہم رپورٹ میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ جہاں صارفین کو ریلیف ملے گا وہیں ڈیٹا کے مطابق کچھ صارفین کو اضافی یونٹس بھی چارج ہو سکتے ہیں۔ نیپرا کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے بلنگ کے نظام میں شفافیت آئے گی اور صارفین کو اصل بجلی استعمال کے مطابق بل ادا کرنا ہوگا، جس سے اوسط بلز کے باعث پیدا ہونے والی شکایات میں کمی متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 49
میں نیپا چورنگی کے قریب کھلے مین ہول میں گرنے والے 3 سالہ بچے کی لاش 14 گھنٹے بعد ایک کلو میٹر دور نالے سے ملی تھی۔ کراچی کے علاقوں گلشن اور کورنگی میں گٹر میں گر کر جاں بحق ہونے والے دونوں بچے اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھے۔

بقیہ نمبر 50
بازی کے کھلم کھلا واقعات ہونا معمول ہیں جن کیخلاف خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سخت قانونی کارروائی کیے جانے کا اعلان بار بار کیا جاتا۔ ٹریفک پولیس کا عملہ اہم چوکوں، رش والی جگہوں اور پلازوں پر الرٹ رہتے ہوئے ٹریفک کے بہاؤ کو یقینی بنائے جبکہ نیو ائیر نائٹ زہریلی و کچی شراب کی تیاری، خرید و فروخت اور استعمال کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کا اعلان کیا جائے، جبکہ نشہ آور اشیا خصوصا شیشہ کے استعمال اور فروخت میں ملوث عناصر اور موٹر سائیکلوں کے سلنسر نکالنے والوں کے خلاف بھی سخت ایکشن لئے جانے کا اعلان کیا جائے۔ امن و امان میں خلل ڈالنے والے شرپسند، تخریب کار اور شدت پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے تاکہ کسی بھی مشتبہ سرگرمی کی صورت میں فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔ لہذا عوام نے اپیل و مطالبہ کیا کہ فوری طور پر ڈی پی او اور ڈپٹی کمشنر اس حوالہ سے اپنی ہدایات و ایکشن کا کھلا اعلان کریں تاکہ نیو ائیر نائٹ پر عوام کی زندگیاں محفوظ اور ان کا سکون قائم رہ سکے

بقیہ نمبر 51
، ٹماٹر 50، ساگ 28، سبز دھنیا 24، سبز مرچ 64، سوہانجنا 180، شملہ مرچ 105، شلجم 28، شکرقندی 110، کھیرا 40، کدو 34، گاجر 36، لہسن چائینہ 450، لیموں چائنہ 78، بینگن 26، مونگرے 34، مٹر 94، مولی 22 روپے کلو کے ریٹ سبزی فروشوں کی دوکانوں اور ریڑھیوں پر لٹکتے رہے

بقیہ نمبر 52
345، سیب سفید 228، سیب کالا ایرانی 300، فروٹر 130، کنوں 132، کھجور ایرانی 440، گریپ فروٹ 66، مسمی 70، مالٹا شکری 68 روپے کلو جبکہ کیلا 130 روپے کے ریٹ پھل فروشوں کی دوکانوں اور ریڑھیوں پر لٹکتے رہے

بقیہ نمبر 53
فروخت ہوتے ہوئے دیکھنے میں آئے۔

بقیہ نمبر 54
زیرنگرانی مکمل کیا۔ ڈاکٹر سنتوش کمار شعبہ زوالوجی چولستان یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز بہاول پور بطور بیرونی ممتحن شرکت کریں گے۔ اساتذہ طلبہ وطالبات اور ایم فل پی ایچ ڈی سکالرز کو شرکت کی دعوت عام ہے

بقیہ نمبر 55
سٹاف اور مقامی لوگوں کی مدد سے وکٹم کو باہر نکال لیا گیا مگر وہ جانبر نہیں ہو سکا۔ قریب گھر ہونے کی وجہ سے لواحقین ہسپتال شفٹ نہیں کروانا چاہتے۔

بقیہ نمبر 56
، اخراجات میں کمی جبکہ آمدن بڑھانے کے لیے اقدامات پر زور دیا گیا۔ بریفنگ کے دوران افسران نے ورکنگ ایشوز اور چیلنجز سے متعلق بھی ڈی ایس ریلوے کو بتایا جس پر ڈی ایس ریلوے لاہور نے کہا بہتری کے لیے بہادری سے انیشی ایٹو لیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ دیگر اداروں سے ریکوری کا عمل بھی تیز کیا جائے۔ ڈی ایس ریلوے نے کہا کہ اسٹاف کی ورکنگ کو جدید تقاضوں کے مطابق مکمل طور پر ڈیجیٹلائزیشن سے ہم آہنگ بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 57
بلکہ ضوابط کی مکمل خلاف ورزی بھی کی گئی۔ کارروائی کے دوران ساؤنڈ سسٹم کو قبضے میں لے لیا گیا جبکہ ذمہ داران کے خلاف پنجاب ساؤنڈ سسٹم (ریگولیشن) ایکٹ اور دیگر متعلقہ دفعات کے تحت قانونی کارروائی شروع کرتے ہوئے دولہا اور اس کے ساتھیوں کو ڈانس کے لئے بلائی گئی لڑکیوں سمیت گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ عوام الناس کے سکون اور امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے اس قسم کی کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 58
مزارات کی تزئین وآرائش اور تعمیراتی ورثہ کی بحالی کے لیے حکومت پ ?رعزم ہے۔ مزارات مقدسہ کی تعمیر و ترقی اور زائرین کے لیے بہترین سہولیات کی فراہمی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ سیکرٹری اوقاف نے ترقیاتی منصوبوں میں کنکر لائم پلستر، پکا قلی، فریسکو ورک اور لکڑی کے تاریخی دروازوں کی تنصیب، داتا؟ دربار میں ڈسمینٹلنگ کے دوران لوح مزار اور قرآنی آیات کے مکمل تحفظ، عالمگیری بادشاہی مسجد میں خواتین وضوگاہ کی بحالی اور حفاظت پاپوش کے مقام کی فوری تبدیلی کے حوالے سے ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ پراجیکٹس انچارج اپنے اپنے پراجیکٹس کی ٹائم لائن کو ہمہ وقت پیش نظر رکھیں، تساہل اور کوتاہی برداشت نہ ہے۔ ترقیاتی منصوبے زائرین و عقیدت مندوں کی سہولیات کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے والے ورکرز، حفاظتی سامان (سیفٹی ایکوئمنٹ) لازمی استعمال کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو روزانہ کی بنیاد پر از خود مانیٹر کروں گا۔ اس موقع پر چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی /خطیب بادشاہی مسجد مولانا سیّد عبد الخبیر آزاد، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف محمد شاکر سندھو، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، زونل ایڈمنسٹریٹر ز اوقاف شیخ جمیل، محمد علی خان، ڈپٹی ڈائریکٹر (کنزرویشن) والڈ سٹی مبشر حسین اور ایکسین اوقاف قیصر منیر سمیت دیگر آفیسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 59
یقینی بنائیں۔ راجہ منصور احمد نے واضح کیا کہ گرین بیلٹس کسی صورت گھاس کے بغیر نہ ہوں اور شجرکاری ولان کی دیکھ بھال کے کام میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے پارکوں میں آوارہ کتوں کے مسئلے کے فوری اور موثر تدارک کے لیے سخت اقدامات کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کے دوران ایم ڈی پی ایچ اے نے کہا کہ سموگ کے خاتمے کے لیے جاری مہم پوری شدت سے جاری رہے گی اور اس ضمن میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے افسران پر زور دیا کہ عوام کو معیاری تفریحی اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی سے ادا کریں۔ اجلاس میں پی ایچ اے کے تمام متعلقہ ڈائریکٹرز اور اعلیٰ افسران ذیشان نصر اللہ رانجھا شرکت کی اور جاری و آئندہ منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ نمبر 60
جہانیاں منڈی ضلع خانیوال صاحبزادہ پیر ناصر عباس بخاری نوشاہی قادری ایڈووکیٹ کے مشورے سے نامزد کر کے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ حضرت صاحبزادہ پیر سید وقاص علی بخاری ایڈووکیٹ ہائی کورٹ جنوبی پنجاب میں اپنے روابط کا بھرپور استعمال کرتے ہوئے امام حسن کونسل پاکستان کے تنظیمی کام کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کریں گے

بقیہ نمبر 61
بات پاکستان کے نائب مستقل مندوب برائے اقوام متحدہ محمد عثمان اقبال جدون نے سلامتی کونسل کے اجلاس میں کہی، جو اسرائیل کی جانب سے صومالی لینڈ کو تسلیم کرنے کے معاملے پر بلایا گیا تھا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محمد عثمان اقبال جدون نے کہا کہ صومالیہ کی وفاقی جمہوریہ کے خطے صومالی لینڈ کو فلسطینیوں، خصوصاً غزہ کے عوام کی جلاوطنی کے لیے ممکنہ مقام کے طور پر پیش کرنے کے سابقہ اسرائیلی بیانات کے تناظر میں اس خطے کو تسلیم کرنا نہایت تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ مارچ میں ایسوسی ایٹڈ پریس نے رپورٹ کیا تھا کہ امریکا اور اسرائیل نے سوڈان، صومالیہ اور صومالی لینڈ کے حکام سے رابطہ کیا تھا کہ غزہ سے فلسطینیوں کی جبری منتقلی کے لیے ان علاقوں کو ممکنہ مقامات کے طور پر استعمال کرنے پر بات چیت کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کئی دہائیوں سے فلسطینی زمین پر اسرائیل کا قبضہ اور بے دخلی مشرق وسطی میں عدم استحکام اور تنازع کی بنیادی وجہ رہا ہے اور اب اسرائیل یہی غیر مستحکم رویہ افریقہ کے خطے تک منتقل کر رہا ہے، جس کے علاقائی امن اور سلامتی پر سنگین اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فلسطینیوں کی جبری نقل مکانی کے حوالے سے کسی بھی تجویز یا منصوبے کو قطعی طور پر مسترد کرتا ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ سلامتی کونسل کی ایک سابق قرارداد جس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ امن منصوبے کی توثیق کی گئی تھی، اس میں واضح کیا گیا تھا کہ کسی کو بھی غزہ چھوڑنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے تمام اقدامات جو نقل مکانی یا دوبارہ آبادکاری کی وکالت کرتے ہیں یا اس کا عندیہ دیتے ہیں، نہ صرف بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہیں بلکہ منصفانہ اور پائیدار امن کے امکانات کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد کی بھرپور حمایت کرتا ہے اور دیرپا امن واستحکام کا واحد راستہ 1967 سے پہلے کی سرحدوں پر ایک آزاد، متصل اور خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ہے، جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو۔ محمد عثمان اقبال جدون نے اپنے خطاب میں صومالیہ کی خودمختاری، وحدت اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ انہوں نے صومالی لینڈ کو تسلیم کرنے کے اسرائیلی اقدام کو صومالیہ کی بین الاقوامی سرحدوں پر براہ راست حملہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ صومالی لینڈ کا خطہ صومالیہ کا لازمی، ناقابل تقسیم اور ناقابل علیحدگی حصہ ہے، اور کسی بھی بیرونی فریق کو اس حقیقت کو بدلنے کا نہ تو قانونی اختیار حاصل ہے اور نہ اخلاقی جواز۔ انہوں نے بتایا کہ اسلامی تعاون تنظیم کے کئی ممالک اور پاکستان نے اسرائیل کے اس اقدام کو مسترد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف صومالیہ کی کامیابیوں کو برقرار رکھنے کے لیے اس کے سیکیورٹی اداروں اور استحکام کی کوششوں کی مسلسل اور قابل پیش گوئی حمایت ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک مرحلے پر، جب صومالیہ انتہاپسندی کے خلاف نبرد آزما ہے، کوئی بھی ایسا اقدام جو توجہ ہٹائے، اتحاد کو کمزور کرے یا تقسیم کو ہوا دے، انتہائی غیر ذمہ دارانہ ہے۔

تحصیل مریدکے میں امن کانفرنس کا انعقاد، رانا بابر علی چیئرمین مریدکے سٹی قومی امن کمیٹی نامزد

تقریب کے مہمانِ خصوصی ستارہ پاکستان گولڈ میڈلسٹ، سفیرِ امن اور مرکزی چیئرمین پاکستان قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب جناب عظمت علی غوری تھے

اس موقع پر مرکزی چیئرمین عظمت علی غوری نے رانا بابر علی کو سٹی مریدکے کا چیئرمین قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب پاکستان نامزد کرتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کیا

شکرگڑھ (نامہ نگار) تحصیل مریدکے، ضلع شیخوپورہ میں قومی یکجہتی اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ایک کامیاب امن کانفرنس منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ستارہ پاکستان گولڈ میڈلسٹ، سفیرِ امن اور مرکزی چیئرمین پاکستان قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب جناب عظمت علی غوری تھے۔ کانفرنس میں وائس چیئرمین سپریم کونسل رانا نورالٰہی، وائس چیئرمین علی مرتضیٰ سوریہ، سینیئر وائس چیئرمین رانا حافظ محمد شہزاد احمد خان، وائس چیئرمین پنجاب رانا کاشف علی لمبردار، چیئرمین پنجاب سید ذوالقرنین حیدر شیرازی، صدر ضلع شیخوپورہ فاضل حسین جعفری، چوہدری جاوید اقبال گورائیہ، چوہدری محمد شکیل صدر صوبہ پنجاب، تنویر جعفری، عمران بوٹا اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی اس موقع پر مرکزی چیئرمین عظمت علی غوری نے رانا بابر علی کو سٹی مریدکے کا چیئرمین قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب پاکستان نامزد کرتے ہوئے نوٹیفکیشن جاری کیا۔ رانا بابر علی نے اعتماد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے امن کے فروغ کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ خطاب میں چیئرمین پاکستان نے قومی اداروں بالخصوص افواجِ پاکستان کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ آخر میں امن کا نعرہ لگایا گیا اور میزبانوں کی مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا گیا

گلگت بلتستان کی بیٹیوں نے دنیا میں پاکستان کا پرچم بلند کر دیا

قائدِ ملت پبلک سکول امیر آباد گھانچے کی طالبات کا امریکن میتھمیٹکس اولمپیاڈ میں شاندار کارنامہ

گلگت بلتستان (نمائندہ راہ نما) گلگت بلتستان کی بیٹیوں نے دنیا میں پاکستان کا پرچم بلند کر دیا۔ قائدِ ملت پبلک سکول امیر آباد گھانچے کی طالبات کا امریکن میتھمیٹکس اولمپیاڈ میں شاندار کارنامہ۔ گلگت بلتستان کے ضلع گانچھے سیاچن کی ہونہار طالبات نے بین الاقوامی سطح پر غیر معمولی کامیابی حاصل کر کے نہ صرف اپنے ادارے بلکہ پورے خطے اور پاکستان کا نام روشن کر دیا۔ قائدِ ملت پبلک اسکول امیر آباد چھور بٹ گانچھے گلگت بلتستان کی طالبہ حرا فرمان دخترِ فرمان علی کلاس ہفتم نے انٹرنیشنل میتھ مقابلے (AMO 2025) میں عالمی سطح پر گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔ اسی مقابلے میں سکول کی ایک اور طالبہ معصومہ ابراہیم دخترِ محمد ابراہیم کلاس پنجم نے عالمی سطح کے میتھ ٹیسٹ میں نمایاں کارکردگی دکھاتے ہوئے انٹرنیشنل لیول پر سلور میڈل جیت لی۔ طالبات کی اس تاریخی کامیابی پر اسکول انتظامیہ، اساتذہ، والدین اور اہلِ علاقہ نے انتہائی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کامیابی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ گلگت بلتستان کی بیٹیاں علمی میدان میں کسی سے کم نہیں۔ عوامی حلقوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ان باصلاحیت طالبات کی مزید سرپرستی اور حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ وہ مستقبل میں بھی ملک و قوم کا نام روشن کرتی رہیں۔

فضل محمد شیخ کی زیر صدارت ضلعی اکاؤنٹس آفس میرپور ماتھیلو میں کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری میں حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی

گھوٹکی (مشکور کھوکھر) محتسب اعلیٰ سندھ سہیل راجپوت کی خصوصی ہدایت پر ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ سندھ گھوٹکی فضل محمد شیخ نے ضلعی اکاؤنٹس آفس میرپور ماتھیلو میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنی دیرینہ مسائل سے متعلق شکایات پیش کیں۔ کھلی کچہری کے دوران سرکاری ملازمین کی رہ جانے والی تنخواہوں، پنشن، جی پی فنڈ، مالی معاونت سمیت دیگر انتظامی و مالی مسائل سنے گئے۔ ملازمین نے تحریری درخواستیں جمع کروائیں جن پر فوری نوٹس لیتے ہوئے ریجنل ڈائریکٹر فضل محمد شیخ نے متعلقہ اکاؤنٹس افسران کو مسائل کے حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ سندھ گھوٹکی فضل محمد شیخ نے کہا کہ محتسبِ اعلیٰ سندھ عوام اور سرکاری ملازمین کو فوری اور بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔ کھلی کچہریوں کا مقصد ملازمین کی شکایات کا ازالہ کر کے انہیں انصاف فراہم کرنا اور سرکاری اداروں میں موجود مسائل کو براہِ راست سن کر حل کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موصول ہونے والی درخواستوں پر قانون کے مطابق جلد از جلد کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کسی بھی شہری کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی۔ کھلی کچہری میں ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر غلام سرور چاچڑ، ایڈیشنل اکاؤنٹس آفیسر سرفراز اعوان، اکاؤنٹس آفیسر برکت میمن و دیگر نے شرکت کی۔

میرپور ماتھیلو: ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ سندھ گھوٹکی فضل محمد شیخ اکاؤنٹس آفیس ۾ کھلی کچہری دوران ھک ریٹائرڈ ملازم جی شکایت بدی رھیو آھي

اسلام آباد میں مسلم لیگ ن کا یوم تاسیس پورے جوش و جذبے سے منایا گیا

تقریب کا انعقاد مسلم لیگ ن فیڈرل کیپٹل اسلام آباد نے کیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد میں مسلم لیگ ن کا یوم تاسیس پورے جوش و جذبے سے منایا گیا تقریب کا انعقاد مسلم لیگ ن فیڈرل کیپٹل اسلام آباد نے کیا جس میں مسلم لیگ ن کی سینئر قیادت مرکزی جنرل سیکرٹری و وفاقی وزیر احسن اقبال وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری وفاقی وزیر احسن اقبال ممبر قومی اسمبلی راجہ خرم نواز ممبر قومی اسمبلی انجم عقیل ایم این اے فرح ناز اکبر اختر بی بی سمیت ن لیگ کیسر گرم کارکنان اور ذمہ داران سمیت عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر رکن قومی اسمبلی فرح ناز اکبر نے مسلم لیگ ن کی اب تک کی شاندار کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر روشنی ڈالی انہوں مسلم لیگ ن کی پاکستان کے دفاع کامیاب خارجہ پالیسی امن وسلامتی خوشحالی تعلیم صحت مواصلات کے شعبوں میں کلیدی کامیابیوں پر روشنی ڈالی انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا پنجاب بھر میں ترقی خوشحالی اور ٹیکنالوجی کو ایک نئی جہت دینا مسلم لیگ ن کے فلسفے کو دنیا کے سامنے سورج کی طرح روشن کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ یوم تاسیس ہمیں صرف پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قیام کی یاد نہیں دلاتا بلکہ یہ اس عہد کی تجدید کا دن بھی ہے کہ ہم پاکستان کو معاشی اور دفاعی طور ایشین ٹائیگر بنانے کے خواب کو تعبیر دیکر رہینگے

صوبائی وزیر لیبر وانسانی وسائل محمد منشاء اللہ بٹ سے بھٹہ مزدور رہنماؤں کی ملاقات

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز دن رات مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہی ہیں' محمد منشاء اللہ بٹ

لاہور (آئی این پی) صوبائی وزیر لیبر و انسانی وسائل محمد منشاء اللہ بٹ نے بھٹہ مزدور رہنماؤں سے ملاقات کی جس میں لیبر پارلیمانی سیکرٹری نواب صاحبزادہ محمد غزین عباسی بھی موجود تھے۔ مسلم لیگ لیبر ونگ کے رہنما سید مشتاق بھٹوں کے نزدیکی سکولوں کے اساتذہ اور بچے بھی موجود تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر نے بھٹہ مزدوروں کو کم از کم اجرت کی ادائیگی یقینی بنانے کے لیے خصوصی مہم شروع کرنے کا اعلان کیا اور واضح کیا کہ جو بھٹہ مالک مزدوروں کو مکمل اجرت نہیں دے گا اس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ملک میں انتشار کی سیاست نے معیشت کو تباہ کر دیا، رانا شرافت علی خاں

ملک پاکستان اس وقت سنگین سیاسی، معاشی اور اخلاقی بحران کا شکار ہے

رینالہ خورد (چوہدری محمد زعیم) عوام فرقہ واریت، تعصب اور نفرت کی سیاست کو مسترد کریں، سیاسی رہنما، تفصیلات کے مطابق علاقہ کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت/ ڈائریکٹر نیو انصاف ڈیریز رانا شرافت علی خاں نے ایک تقریب کے دوران اتحاد پریس کلب رینالہ خورد کے قلم کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں جاری انتشار کی سیاست نے قومی معیشت کا بیڑا غرق کر دیا ہے، ملک پاکستان اس وقت سنگین سیاسی، معاشی اور اخلاقی بحران کا شکار ہے جس کی بنیادی وجہ ذاتی مفادات پر مبنی سیاست اور قومی وحدت کا فقدان ہے، انہوں نے کہا کہ دشمن ہمیں کمزور کرنے کے لیے دہشت گردی کروا رہا ہے عوام اور فوج کے جوان شہید ہو رہے ہیں اس لیے ہمیں اپنی سوچ کو تبدیل کرنا ہوگا اور ہمیں اسلام کے مطابق چلنا چاہیے کیونکہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جب تک قرآن وسنت کے مطابق نظام نافذ نہیں ہوگا تب تک عوام کو حقیقی ریلیف نہیں مل سکتا انہوں نے مزید کہا کہ عوام فرقہ واریت، تعصب اور نفرت کی سیاست کو مسترد کرتے ہوئے اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور ملک کو استحکام کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں،

آزاد پریس کلب دیپالپور کے سالانہ انتخابات مکمل

تقریب کی نظامت کے فرائض نومنتخب وائس چیئرمین ملک ممتاز حسین ڈھکو نے انجام دیئے

شیر گڑھ (نامہ نگار) آزاد پریس کلب دیپالپور کے سالانہ انتخابات مکمل سینئر صحافی چوہدری نیاز احمد سہو صدر منتخب تفصیلات کے مطابق دیپالپور آزاد پریس کلب دیپالپور کے سالانہ انتخابات مکمل چیئرمین چوہدری محمد رفیع شاہین، صدر چوہدری نیاز احمد سہو، جنرل سیکرٹری سجاد حسین بودلہ منتخب آزاد پریس کلب دیپالپور کے سالانہ انتخابات کی پروقار تقریب نجی ہوٹل میں منعقد کی گئی جس میں سیاسی سماجی شخصیات، سینئر وکلاء اور نامور صحافیوں نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانانِ خصوصی بیرسٹر راؤ فہد اجمل خاں، میاں فخر مسعود بودلہ سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی، شیخ شہباز شاہین صدر اوکاڑہ پریس کلب، راؤ ندیم بابر خان، میاں عبدالستار وٹو صدر سبزی وغلہ منڈی اٹلی موتی، راؤ محمد اشرف، اور بار ایسوسی ایشن کے سابق صدور جس میں قاضی ضرغام الحق، سید الطاف حسین شاہ بخاری، میاں سجاد احمد خان ٹھکرکا، میاں منظور احمد ریحان سمیت دیگر معززین نے شمولیت کی تقریب کی نظامت کے فرائض نومنتخب وائس چیئرمین ملک ممتاز حسین ڈھکو نے انجام دیئے اس موقع پر شیخ شہباز شاہین صدر اوکاڑہ پریس کلب نے پرنٹ میڈیا کے نومنتخب عہدیداران کا اعلان کیا، میاں بلال احمد فریدی وٹو (سرپرستِ اعلیٰ) چوہدری محمد رفیع شاہین چیئرمین، جنرل سیکرٹری سجاد حسین بودلہ، سینیئر وائس چیئرمین میاں یسین سعیدی، وائس چیئرمین ملک ممتاز حسین ڈھکو، سینیئر نائب صدر حافظ عبدالرقیب، نائب صدر راؤ سرفراز خان، حیدر جوائنٹ سیکرٹری حیدر زمان بھٹی، فنانس سیکرٹری سید مزمل حسین شاہ، اطلاعات ونشریات سیکرٹری غلام علی آسی، چیئرمین مجلس عاملہ مقبول احمد محمد عثمان غنی بھٹی، امتیاز احمد وٹو اور میاں ذیشان فخر ڈولہ مجلس عاملہ کے ممبران منتخب گئے۔ بیرسٹر راؤ فہد اجمل خاں نے الیکٹرانک میڈیا کے عہدیداران کا اعلان کیا، چیئرمین ڈاکٹر ریاض صدر محمد ایوب خاور جنرل سیکرٹری میاں شہزاد وٹو سینیئر وائس چیئرمین شاہ رخ خان کنگن وائس چیئرمین رانا محمد سلیم، سینئر نائب صدر محمد حسین لکی، نائب صدر رائے فخر حیات کھرل، جوائنٹ سیکرٹری راجہ شفقت عدیل منتخب جبکہ لیگل ایڈوائزر ٹیم میں شامل پیر طاہر معین چشتی سابق صدر بار، سید نعیم الحسن شاہ بخاری ایڈووکیٹ۔ میاں صدام حسین سکھیرا ایڈووکیٹ اور رائے وسیم عباس کھرل ایڈووکیٹ شامل ہیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی اور آزاد پریس کلب دیپالپور کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ نومنتخب قیادت صحافتی اختلافات ختم کر کے عوامی خدمت کے مشن کو پہلے سے بڑھ کر جاری رکھیں گے

رئیل اسٹیٹ، آٹو موبائل، تعلیم، کاسمیٹکس سیکٹر میں دھوکا دہی پر مبنی تشہیر پر بھاری جرمانے

اسلام آباد میں جعلی اور گمراہ کن ہاؤسنگ اشتہارات پر انکوائری شروع کی گئی، رپورٹ

اسلام آباد (آئی این پی) کمپیٹیشن کمیشن نے گمراہ کن تشہیر کے خلاف سخت کارروائیاں کرتے ہوئے رئیل اسٹیٹ، آٹو موبائل، تعلیم اور کاسمیٹکس سیکٹر میں دھوکا دہی پر مبنی تشہیر پر جرمانے عائد کر دیے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسلام آباد میں جعلی اور گمراہ کن ہاؤسنگ اشتہارات پر انکوائری شروع کی گئی جبکہ لاہور میں ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے گمراہ کن تشہیر پر کارروائی جاری ہے۔ کنگڈم ویلی پر گمراہ کن تشہیر پر 15 کروڑ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ کنگڈم ویلی کے بینک اکاؤنٹس منسلک کر کے 2 کروڑ 70 لاکھ روپے ریکور کیے گئے۔ اسکن وائٹننگ کریمز میں مرکری کے خطرناک استعمال پر انکوائری شروع کی گئی۔ ہنڈائی ٹکسن کی لانچ کی قیمتوں سے متعلق گمراہ کن تشہیر پر 2 کروڑ 50 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ تعلیم کے شعبے میں برٹش لیسیئم کے گمراہ کن اشتہار پر 50 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ کسانوں کو گمراہ کرنے پر الغازی ٹریکٹرز پر 4 کروڑ روپے جرمانہ کیا گیا۔ اسٹر پسلز کیس میں گمراہ کن تشہیر پر کمپیٹیشن کمیشن کا 15 کروڑ روپے جرمانہ برقرار رہا جبکہ جعلی بین الاقوامی سرٹیفکیشنز کے دعوے کرنے پر N 3 لائف میڈ کے خلاف کارروائی کی گئی۔ ڈائمنڈ پینٹس کیس میں کمپیٹیشن کمیشن کا جرمانہ کا حکم برقرار رہا۔

ڈی ایس پی سید عامر جمیل شاہ سے محمد طیب سکھیرا، سید ذوالفقار علی شاہ و دیگر کی خصوصی ملاقات

شرکاء نے انہیں لودھراں میں تعیناتی پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

لودھراں (نزاکت علی چوہان سے) ڈسٹرکٹ ٹریفک پولیس لودھراں کے ڈی ایس پی سید عامر جمیل شاہ سے محمد طیب سکھیرا، سید ذوالفقار علی شاہ، الطاف حسین بھٹی اور شہر کی معزز شخصیات نے خصوصی ملاقات کی۔ شرکاء نے انہیں لودھراں میں تعیناتی پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے ڈی ایس پی ٹریفک سید عامر جمیل شاہ نے کہا کہ وہ ڈی آئی جی ٹریفک وقاص نذیر کی ہدایات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لودھراں کی زیرنگرانی ٹریفک کے نظم و ضبط کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ لودھراں میں ہیلمٹ کے استعمال، ڈرائیونگ لائسنس کی پابندی، ون وے رولز اور اوور اسپیڈنگ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جا رہی ہے، جب کہ ٹریفک آگاہی مہم کے ذریعے شہریوں کو قوانین کی اہمیت سے بھی روشناس کرایا جا رہا ہے۔ ڈی ایس پی ٹریفک نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں، تاکہ حادثات میں کمی اور محفوظ معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ٹریفک پولیس اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں خوش اسلوبی سے ادا کرتی رہے گی۔

محمد اعجاز خٹک الیکشن میں کامیابی کے بعد تمام برادریوں کو ساتھ لے کر چلیں گے، پیر عامر شاہ ولد پیر منظور قادر

اس جدوجہد میں نہ پٹھان، نہ پنجابی، نہ سرائیکی اور نہ ہی کرسچن کمیونٹی کو نظرانداز کیا جائے گا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پیر عامر شاہ ولد پیر منظور قادر نے محمد اعجاز خٹک کے حق میں دستبرداری کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ محمد اعجاز خٹک الیکشن میں کامیابی کے بعد مالکان اور اسٹام ہولڈرز کے حقوق کے تحفظ کے لیے مکمل سیاسی طور پر ان کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ تمام برادریوں کو ساتھ لے کر چلیں گے اور کسی بھی قوم، طبقے یا کمیونٹی کو پیچھے نہیں چھوڑا جائے گا۔ پیر عامر شاہ نے واضح کیا کہ اس جدوجہد میں نہ پٹھان، نہ پنجابی، نہ سرائیکی اور نہ ہی کرسچن کمیونٹی کو نظرانداز کیا جائے گا بلکہ ہم سب مل کر آگے بڑھیں گے کیونکہ ہم سب ایک ہیں۔ اس موقع پر اہلِ علاقہ نے بھی محمد اعجاز خٹک کی بھرپور حمایت کا اعلان کیا جبکہ کرسچن کمیونٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ بھی مکمل طور پر ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ یہ جرگہ پیر عامر شاہ کی بیٹھک میں منعقد ہوا جس میں غلام حسین، کاکا محمود مسیح، وارث مسیح، عامر خٹک، جمشید درزی، عظمت لالا، ناصر خان، ابراہیم خان سمیت دیگر معززین اور دوستوں نے شرکت کی۔ جرگے کے شرکاء نے باہمی اتحاد اور تعاون کا وعدہ کرتے ہوئے محمد اعجاز خٹک کی کامیابی کے لیے بھرپور جدوجہد کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر محمد اعجاز خٹک نے کہا کہ وہ پہلے بھی عوام کے ساتھ تھے اور آئندہ بھی عوام کے ساتھ رہیں گے، اور ان شاء اللہ عوامی اعتماد پر پورا اتریں گے۔

پاکستان انٹرنیشنل سکول ریاض کی جانب سے فیڈرل بورڈ سیکشن کے نومنتخب مینجمنٹ کے اعزاز میں پروقار تقریب

چیئرمین ڈاکٹر آصف نے اساتذہ کرام کے جذبہ خیر سگالی کا شکریہ ادا کیا

الریاض (ملک عرفان علی) پاکستان انٹرنیشنل سکول ریاض فیڈرل بورڈ سیکشن نے اپنی نئی منتخب ہونے والی سکول مینجمنٹ کونسل کے اعزاز میں ایک مقامی ہوٹل میں شاندار ظہرانے کا اہتمام کیا گیا پرنسپل راجہ محمد عرفان نے نومنتخب کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر آصف محمود، وائس چیئرمین محسن طاہر، سیکرٹری عابد اقبال، اور معزز اراکین کونسل محمد طارق ستار، ریحان غفور، عبدالعزیز اور سلمان دلشاد کا پھولوں کے گلدستوں سے استقبال کیا انہوں نے کونسل اراکین کی آمد کا شکریہ ادا کیا اور انہیں یقین دلایا کہ اساتذہ کرام تندہی اور دلچسپی سے اپنے فرائض انجام دیتے رہیں گے اور سکول کے معیار کو بلند کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ چیئرمین ڈاکٹر آصف نے اساتذہ کرام کے جذبہ خیر سگالی کا شکریہ ادا کیا۔ پروگرام کا آغاز حافظ عبد الجبار کی تلاوت سے ہوا۔

حبیب آباد میں تین صحافتی گروپس کا اتحاد

عوامی خدمت اور صحافتی ذمہ داریوں کو مزید مؤثر بنانے کا عزم

حبیب آباد (نمائندہ خصوصی) حبیب آباد میں تین صحافتی گروپس کا اتحاد عوامی خدمت اور صحافتی ذمہ داریوں کو مزید مؤثر بنانے کا عزم۔ تفصیلات کے مطابق حبیب آباد میں صحافت کے فروغ اور عوامی خدمت کے مشن کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ایک اہم پیش رفت شہر کے تین بڑے صحافتی گروپس نے اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے مرکزی پریس کلب حبیب آباد کے پلیٹ فارم پر اتحاد کا اعلان کر دیا۔ اس سلسلے میں آج علی رضا ڈوگر کی میزبانی میں سہجوال ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تینوں صحافتی گروپس کے نمائندگان، سینئر صحافیوں اور عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر اس بات پر زور دیا گیا کہ صحافتی اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے، تاکہ عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جا سکے۔ اجلاس کے شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحافتی اتحاد کے ذریعے عوامی مسائل کی نشاندہی میں تیزی لائی جائے گی حقائق پر مبنی، غیر جانبدار اور ذمہ دار صحافت کو فروغ دیا جائے گا شہری مسائل، بلدیاتی کوتاہیوں اور عوامی حقوق کے لیے مشترکہ آواز بلند کی جائے گی صحافیوں کا کہنا تھا کہ صحافت صرف خبر دینا نہیں بلکہ عوامی خدمت کا ایک مقدس فریضہ ہے، اور یہ اتحاد اسی سوچ کا عملی اظہار ہے۔ مرکزی پریس کلب حبیب آباد کو صحافتی سرگرمیوں کا مشترکہ مرکز بنایا جائے گا جہاں سے عوامی فلاح کیلئے بھرپور جدوجہد کی جائے گی۔ آخر میں شرکاء نے امید ظاہر کی کہ یہ صحافتی اتحاد نہ صرف صحافی برادری کو مضبوط کرے گا بلکہ حبیب آباد کے عوام کے مسائل کے حل میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کی زیر صدارت اجلاس

اس موقع پر محکمہ ہیلتھ کے افسران سمیت بورڈ کے دیگر ممبران بھی موجود تھے



شیر گڑھ (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس، اس موقع پر محکمہ ہیلتھ کے افسران سمیت بورڈ کے دیگر ممبران بھی موجود تھے، اجلاس کو ضلع بھر کے مختلف میڈیکل سٹورز میں ڈرگ ایکٹ اور ایس او پیز کی خلاف ورزی کے متعدد کیسز پیش کیے گئے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے تمام کیسز کی سنوائی کرتے ہوئے ڈرگ ایکٹ کے قوانین کے تحت میڈیکل سٹور مالکان کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری کیے جبکہ کچھ کیسز میں میڈیکل سٹور مالکان کو وارننگ نوٹسز جاری کرنے کی بھی ہدایت کی، قواعد وضوابط کے تحت تمام کیسز پر کارروائی کی، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ قواعد وضوابط کے تحت چلائی جانے والے میڈیکل سٹورز کو ہی کام کرنے کی اجازت دی جائے گی اور اس سلسلہ میں بلا اجازت اور غیر قانونی طریقے سے کام کرنے والے میڈیکل سٹور مالکان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انہوں نے کہا کہ میڈیکل سٹور مالکان کاروباری سرگرمیوں میں غیر ذمہ داری کا مظاہرہ ہرگز نہ کریں اور ڈرگ ایکٹ کی مکمل پیروی کرتے ہوئے کام کریں بصورت دیگر سخت کارروائیوں کے لیے تیار رہیں۔

گھروں میں پالے گئے طوطوں کی ڈیکلیئریشن کی تاریخ میں ایک بار پھر توسیع

طوطوں کی ڈیکلیئریشن اور رجسٹریشن کے لئے آگاہی مہم بھی چلائی جائیگی

لاہور (آئی این پی) وائلڈ لائف رینجرز پنجاب نے گھروں میں پالے گئے مقامی طوطوں کی ڈیکلیئریشن کی تاریخ میں ایک بار پھر سے توسیع کا عندیہ دیا ہے۔ محکمے کی طرف سے الیگزینڈرین، روز رنگڈ (راطوطے)، سلیٹی سر اور گلابی سر والے طوطوں کی ڈیکلیئریشن کے لئے 5 جنوری 2026 تک کی مہلت دی گئی تھی۔ اب تک ایک لاکھ سے زائد طوطے ڈیکلیئر کیے جا چکے ہیں۔ وائلڈ لائف رینجرز پنجاب نے نومبر 2025 میں گھروں میں پالے جانیوالے طوطوں کی رجسٹریشن کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ پہلے مرحلے میں طوطے ڈیکلیئر کیے جائیں گے

پاکستان پر 2025 بھاری گزرا، قدرتی آفات نے کئی علاقوں میں قیامت ڈھائی

خشک سالی، زیادہ بارشیں، ٹینس بال سائز کی ژالہ باری، گلاف سے تباہی ہوئی، رپورٹ

اسلام آباد (آئی این پی) رواں برس ماحولیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے پاکستان کے لیے انتہائی ناخوشگوار رہا، پاکستان ماحولیاتی تبدیلیوں سے بُری طرح متاثر ممالک میں شامل ہے، پاکستان پر 2025 بھاری گزرا، قدرتی آفات نے کئی علاقوں میں قیامت ڈھائی، خشک سالی، زیادہ بارشیں، ٹینس بال سائز کی ژالہ باری، گلاف سے تباہی ہوئی، قدرتی آفات سے قیمتی جانیں ضائع، گھر اُجڑے، بھاری مالی نقصان ہوا۔ ڈاکٹر طیب شاہ سینئر ڈائریکٹر ٹیک این ڈی ایم اے نے کہا کہ جنوری فروری مارچ میں بارش کا تخمینہ لگایا تھا 38 سے 42 فیصد بہنے 2025 میں معمول سے کم بارش ہوئی، 7 سے 8 ہیٹ ویو ہم نے دیکھی جو بہت خطرناک صورت حال ہے، پاکستان کا 2025 کا مون سون ایک اگریویٹڈ مون سون تھا۔ ڈاکٹر طیب (بقیہ نمبر 46)

صارفین کے میٹرز کو ڈیفیکٹو کوڈ لگا کر اوسط بلز چارج کرنے پر ریلیف دینے کا فیصلہ

نئے میٹرز کی تنصیب کے بعد پرانے میٹرز کا ڈیٹا ڈاؤن لوڈ کیا جائے گا، جسکی بنیاد پر صارفین کو ریلیف فراہم کیا جائیگا

میٹرز کے سٹاک کی عدم دستیابی کے باعث متعدد صارفین کو 2 سے 4 ماہ تک اوسط بلز چارج کیے جاتے رہے

لاہور (وقائع نگار خصوصی) صارفین کے بجلی میٹرز کو ڈیفیکٹو کوڈ لگا کر اوسط بلز چارج کرنے کے معاملے پر اہم ریلیف دینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ نیپرا کی ہدایات پر لیسکو کو خراب اور جلنے والے میٹرز فوری طور پر تبدیل کر کے ان کا ڈیٹا ڈاؤن لوڈ کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں، جس کے لیے باقاعدہ مراسلہ بھی ارسال کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو نے طویل عرصے تک صارفین کے خراب میٹرز کو ڈیفیکٹو قرار دے کر تبدیل نہیں کیا تھا۔ میٹرز کے سٹاک کی عدم دستیابی کے باعث متعدد صارفین کو 2 سے 4 ماہ تک اوسط بلز چارج کیے جاتے رہے، جس پر صارفین کی جانب سے شدید تحفظات سامنے آئے۔ نیپرا کے حکم پر لیسکو نے رواں ماہ سے ایک لاکھ سے زائد صارفین کے میٹرز تبدیل کرنے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ نئے میٹرز کی تنصیب کے بعد پرانے میٹرز کا ڈیٹا ڈاؤن لوڈ کیا جائے گا، جس کی بنیاد پر صارفین کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ڈیٹا ڈاؤن لوڈ ہونے کے بعد اضافی چارج کیے گئے یونٹس کو کریڈٹ جبکہ اصل استعمال سے زائد یا کم ہونے کی صورت میں یونٹس کو ڈیبٹ کیا (بقیہ نمبر 48)

لاہور پریس کلب کے سامنے جعلی توہین رسالت کے مقدمات میں ملوث شہریوں کے لواحقین اپنے بے گناہ بچوں کے لئے کمیشن بنانے کیلئے احتجاج کر رہے ہیں

2025 میں سستی پن بجلی کی پیداوار 33 ارب 12 کروڑ یونٹ ریکارڈ

واپڈا کے 2025 میں پانی اور پن بجلی کے شعبوں میں حاصل اہداف سے متعلق اعداد وشمار جاری

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) واپڈا کے مطابق سال 2025 میں نیشنل گرڈ کو 33 ارب 12 کروڑ یونٹ سستی پن بجلی مہیا کی گئی۔ پن بجلی کی قیمت 3 روپے 9 پیسے فی یونٹ ہے، آئندہ سال دیامر بھاشا اور داسو کے مین ڈیمز پر آر سی سی بچھانے کا کام ہوگا۔ واپڈا کے آٹھ زیر تعمیر منصوبوں کی تکمیل سے پانی ذخیرے کی صلاحیت میں نو اعشاریہ سات ملین ایکڑ فٹ اضافہ ہوگا۔ واپڈا نے 2025 میں آبی وسائل اور پن بجلی کے شعبوں میں حاصل اہداف سے متعلق اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ رپورٹ کے مطابق 2025 میں نیشنل گرڈ کو 33 ارب 12 کروڑ یونٹ سستی پن بجلی مہیا کی گئی۔ نیشنل گرڈ کو فراہم کی گئی واپڈا پن بجلی کی قیمت تین روپے 8 پیسے فی یونٹ ہے۔ تربیلا پن بجلی گھر نے 14 ارب 30 کروڑ یونٹ، تربیلا فور توسیعی منصوبے نے 5 ارب 60 کروڑ یونٹ جبکہ غازی بروتھا نے نیشنل گرڈ کو 6 ارب 50 کروڑ یونٹ بجلی فراہم کی۔ منگلا نے نیشنل گرڈ کو 3 ارب 60 کروڑ یونٹ، وارسک نے 77 کروڑ یونٹ اور چشمہ پن بجلی گھر نے 79 کروڑ یونٹ پن بجلی فراہم کی۔

کراچی، مین ہولز اور نالے میں گر کر جاں بحق ہونے والوں کی مجموعی تعداد 27 ہوگئی

رواں برس کھلے مین ہولز اور نالوں میں گر کر جاں بحق ہونے والوں میں کمسن بچے، بچیاں اور مرد بھی شامل

کراچی (وقائع نگار خصوصی) رواں برس کھلے مین ہولز اور نالے میں گر کر جاں بحق ہونے والوں کی مجموعی تعداد 27 ہوگئی ہے جس میں کمسن بچے، بچیاں اور مرد بھی شامل ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز کراچی کے علاقے کورنگی مہران ٹاؤن میں 8 سال کا بچہ گٹر میں گر کر جاں بحق ہو گیا تھا، بچے کی شناخت دلبر کے نام سیہوئی جو گھر کے باہر کھیلتے ہوئے گٹر میں گر گیا تھا، بچے کی لاش اس کے بچپانے گٹر سے باہر نکالی۔ رواں ماہ کے آغاز میں بھی کراچی کے علاقے گلشن اقبال میں نیپا چورنگی کے قریب کھلے مین ہول میں گرنے والے 3 سالہ بچے کی لاش 14 گھنٹے بعد ایک کلو میٹر دور نالے سے ملی تھی۔ کراچی کے علاقوں گلشن اور کورنگی میں گٹر میں گر کر جاں بحق ہونے والے دونوں بچے اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھے۔

پام آئل کی قومی درآمدات میں نومبر کے دوران 49.57 فیصد اضافہ

مکوآنہ (وقائع نگار خصوصی) پام آئل کی قومی درآمدات میں نومبر 2025 کے دوران 49.57 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان (پی بی ایس) کے اعداد و شمار کے مطابق اس دوران درآمدات کی مالیت 353 ملین ڈالر تک پہنچ گئی جبکہ نومبر 2024 کے دوران پام آئل کی درآمدات کا حجم 236 ملین ڈالر رہا تھا۔

بجلی پیدا کرنے والی مشینری کی درآمدات میں نومبر 2025 کے دوران 34.20 فیصد کمی

مکوآنہ (وقائع نگار خصوصی) بجلی پیدا کرنے والی مشینری کی ملکی درآمدات میں نومبر 2025 کے دوران 34.20 فیصد کمی ہوئی۔ قومی ادارہ برائے شماریات (پی بی ایس) کے مطابق نومبر 2025 کے دوران پاور جنریٹنگ مشینری کی درآمدات کی مالیت کم ہو کر 45.2 ملین ڈالر ہو گئی جبکہ نومبر 2024 میں پاور جنریٹنگ مشینری کی درآمدات کا حجم 68.7 ملین ڈالر رہا تھا۔

پھلوں کی قومی برآمدات میں رواں سال نومبر کے دوران 22.64 فیصد اضافہ

مکوآنہ (وقائع نگار خصوصی) پھلوں کی قومی برآمدات میں رواں سال نومبر کے دوران 22.64 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ادارہ برائے شماریات پاکستان (پی بی ایس) کے اعداد و شمار کے مطابق اس دوران برآمدات کا حجم 19.5 ملین ڈالر تک پہنچ گیا جبکہ نومبر 2024 میں پھلوں کی برآمدات کی مالیت 15.9 ملین ڈالر رہی تھی۔ اس طرح نومبر 2024 کے مقابلہ میں نومبر 2025 کے دوران پھلوں کی ملکی برآمدات میں 3.6 ملین ڈالر یعنی 22.64 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پھلوں کی قومی برآمدات میں رواں سال نومبر کے دوران 22.64 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

تعلیم پر 2025ء میں جو وعدے کئے، پورے ہوئے، رانا سکندر حیات

کامیابیوں پر فخر، 2026 میں مزید بہتری لانے کا عزم ہے، وزیر تعلیم

لاہور (آئی این پی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے سال 2025 کی کارکردگی بتاتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ سال کی طرح 2025 بھی تعلیم کی بہتری کیلئے اقدامات کا سال رہا، رواں سال 2 ملین کی گھوسٹ انرول منٹ ختم کی، 26 ہزار اساتذہ کی ریشنلائزیشن کر کے اساتذہ کی کمی کے مسئلہ پر قابو پایا، پہلی مرتبہ کریکلم ریفارمز پر تاریخی کام ہوا اور خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے کوالٹی آف ٹیچنگ میں بہتری لے کر آئے، 1 لاکھ اساتذہ کی ٹریننگ کروائی گئی، امتحانی اصلاحات لے کر آئے اور تعلیمی بورڈز کو ای مارکنگ پر منتقل کیا گیا۔

2025ء ریسکیو 1122 نے 28,495 فائر ایمرجنسیز پر فائر ریسکیو سروسز فراہم کیں

پروفیشنل فائر فائٹنگ کے ذریعے 69 ارب روپے سے زائد کے ممکنہ نقصانات کو محفوظ بنایا

لاہور (آئی این پی) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز، ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا ہے کہ فائر ریسکیو سروس نے سال 2025 کے دوران پنجاب بھر میں 28,495 آتشزدگی کے واقعات پر ریسپانس کرتے ہوئے پروفیشنل فائر فائٹنگ کے ذریعے 69 ارب روپے کے متوقع نقصانات کو محفوظ بنایا۔ انہوں نے بتایا کہ 2025 میں آتشزدگی کے واقعات 2024 کی نسبت 3.34 فیصد زیادہ ہوئے جبکہ 2024 میں آتشزدگی کے واقعات میں 2023 کی نسبت 35 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا کہ عمارتوں کے مالکان کو چاہیے کہ وہ پنجاب کمیونٹی سیفٹی بلڈنگ ریگولیشنز 2022 کے تحت جاری کردہ ہدایات کے مطابق عمارتوں میں سیفٹی اقدامات کو یقینی بنائیں

کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت پلس پروگرام کے حوالے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس

اجلاس میں ریونیو نظام کی بہتری، عوامی سہولت اور زیرالتوا معاملات کے بروقت حل پر تفصیلی غور کیا گیا

نارووال (وقائع نگار خصوصی) کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت پلس پروگرام کے حوالے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کا انعقاد ہوا، جس میں ریونیو نظام کی بہتری، عوامی سہولت اور زیرالتواء معاملات کے بروقت حل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) احمد ہارون، ضلع بھر کی تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلداروں اور دیگر متعلقہ ریونیو افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پلس پروگرام کے تحت ہونے والی کارروائیوں کے بارے کمشنر گوجرانوالہ کو بریفنگ دی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نارووال نے افسران کو سانجھے کھاتوں کی تقسیم کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اس میں بلاوجہ تاخیر عوام کے لیے مشکلات کا باعث بنتی ہے، اس لیے تمام متعلقہ افسران اس عمل کو قانون کے مطابق شفافیت کو برقرار رکھتے ہوئے بروقت مکمل کریں۔ ڈی سی نارووال نیکھوٹ میوٹیشن کے حوالے سے واضح کیا کہ میوٹیشن کے تمام کیسز کو میرٹ پر نمٹایا جائے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریونیو ریکارڈ کی درستگی عوامی اعتماد کی بنیاد ہے، اس لیے ریکارڈ کی تیاری اور اندراج میں انتہائی احتیاط برتی جائے۔ سانجھے کھاتوں کی تقسیم، کھیوٹ میوٹیشن، ڈیجیٹل گرداوری، ریونیو ریکوریز اور دیگر اہم ریونیو امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے ضلع

لاہور: شہر میں شدید دھند کے باعث رنگ روڈ بند ہونے کی وجہ سے ٹرک سڑک کنارے کھڑے ہیں

بسنت کے تہوار سے صوبائی دارالحکومت میں 8 سے 10 ارب کی معاشی سرگرمیاں ہونے کا تخمینہ

پتنگ، ڈور سازی، ہوٹلنگ، کیٹرنگ، ٹرانسپورٹ، متفرق مقامی خدمات، سیاحت کے شعبے عروج حاصل کرینگے

اوورسیز پاکستانی بھی بسنت کا تہوار دوبارہ منانے کی اجازت ملنے پر پرجوش، پاکستان آنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں

لاہور (آئی این پی) 25 سال بعد آئندہ سال فروری میں منائے جانے والے بسنت کے تہوار سے صوبائی دارالحکومت لاہور میں ایک اندازے کے مطابق 8 سے 10 ارب روپے کی معاشی سرگرمیاں ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ پتنگ، ڈور سازی، ہوٹلنگ، کیٹرنگ، ٹرانسپورٹ، متفرق مقامی خدمات اور سیاحت کے شعبے کے ماہرین کے مطابق دو دہائیاں قبل بسنت کے تہوار سے صرف صوبائی دارالحکومت لاہور میں 3 سے 5 ارب روپے کی معاشی سرگرمیاں ہوتی تھیں۔ پتنگ بسنت کا تہوار طویل عرصے کے بعد ہو رہا ہے اور اس وقت کی نوجوان نسل جو آج 40 سے 60 کی عمر کو پہنچ گئی ہے تاہم ماضی کی بسنت کے قصے کہانیوں کی وجہ سے آج کی نوجوان نسل بسنت منانے کے لئے پرجوش ہے۔ ماہرین کے مطابق ماضی میں بسنت کا تہوار منانے والے بہت سے نوجوان جو روزگار کے لئے اب بیرون ممالک منتقل ہو چکے ہیں وہ بسنت کا تہوار دوبارہ منانے کی اجازت ملنے پر پرجوش ہیں اور پاکستان میں چھٹیاں منانے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں جس سے معاشی سرگرمیاں عروج (بقیہ نمبر 39)

چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور ہیومن اپیل این جی او کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

لاہور (آئی این پی) چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور ہیومن اپیل این جی او کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کر دیے گئے۔ ایم او یو پر چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد اور ہیومن اپیل این جی او کے کنٹری ڈائریکٹر داؤد ثقلین نے دستخط کیے۔

ملک بھر میں بینکس بند رہیں گے

لاہور (آئی این پی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعلان کے مطابق کل (جمعرات) یکم جنوری 2026 بروز جمعرات ملک بھر میں بینکس عوام سے لین دین کے لیے بند رہیں گے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق تمام کمرشل بینکس، ترقیاتی مالیاتی ادارے اور مائیکروفنانس بینک عوامی لین دین کے لیے بند رہیں گے تاہم بینکوں کے عملہ ڈیوٹی سرانجام دے گا۔

الحمراء فلم کلب میں جاپانی فلم دکھائی گئی

لاہور (وقائع نگار خصوصی) لاہور آرٹس کونسل الحمراء کے زیر اہتمام الحمرا فلم کلب میں جاپانی فلم "Grave of the Fireflies" دکھائی گئی۔ جاپانی فلم کے ہدایت کار اساٹو تاکاہاتا تھے۔ اس کی کہانی آکی یوکی نوساکا نے لکھی۔ فلم جنگ کی تباہ کاری، بچوں کے دکھ، انسانی ہمدردی اور امن کی اہمیت کو نمایاں کرتی ہے۔ یہ فلم نہ صرف دل کو چھوتی ہے بلکہ معصوم بچوں کے ذریعے جنگ کے اثرات کو اجاگر کرتی ہے۔ الحمراء فلم کلب کے ذریعے یہ فلم عوام تک انسانی جذبات اور عالمی معیار کی کہانی پہنچا رہا ہے۔ الحمراء فلم کلب، فلموں کے ذریعے معاشرے میں حسنِ فکر، ہمدردی اور انسانی رشتوں کا فروغ ہے۔ نوجوانوں کو عالمی سینما کے قریب لانا اور ثقافتی شعور بڑھانا ہے۔ ہر اسکریننگ ایک موقع ہے سوچ، مکالمہ اور تخلیقی اظہار کے لیے ہوئے ہے۔ چیئرمین الحمراء رضی احمد نے اپنے تاثرات میں کہا کہ الحمراء فلم کلب کے ذریعے عوام کے لیے قومی اور بین الاقوامی معیار کی بامقصد اور معنی خیز فلموں کی نمائش جاری ہے۔

لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان مری میں برفباری کے حوالے سے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی حیبت الحلبوسی کو عراقی پارلیمنٹ کا اسپیکر منتخب ہونے پر مبارکباد

پاکستان اور عراق کے درمیان دیرینہ تعلقات مشترکہ مذہب، باہمی احترام اور بھائی چارے کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں، بیان

اسلام آباد (وقائع نگار خصوصی) اسپیکر قومی اسمبلی پاکستان، سردار ایاز صادق نے حیبت الحلبوسی کو جمہوریہ عراق کی کونسل آف ریپریزنٹیٹوز کے اسپیکر منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ حیبت الحلبوسی کا اسپیکر کے طور پر انتخاب عراق کی پارلیمنٹ اور عراقی عوام کے جانب سے ان پر ظاہر کیے گئے اعتماد کی عکاسی ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ حیبت الحلبوسی کی قیادت میں عراقی پارلیمنٹ عراق کے عوام کی فلاح و بہبود، جمہوری اقدار اور شفاف حکمرانی کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کرے گی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان اور عراق کے درمیان دیرینہ تعلقات مشترکہ مذہب، باہمی احترام اور بھائی چارے کی مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ نومنتخب عراقی اسپیکر کی قیادت میں دونوں برادر ممالک کے درمیان پارلیمانی روابط مزید مستحکم ہوں گے اور باہمی تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، جس سے دونوں ممالک کے عوام مستفید ہوں گے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے حیبت الحلبوسی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں بطور اسپیکر بخوبی انجام دیتے ہوئے عراق کے عوام کے لیے امن، ترقی اور خوشحالی کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کریں گے۔

محکمہ لائیو اسٹاک نے لمپی سکن بیماری کی ویکسین تیار کر لی

مقامی تیار کردہ ویکسین کی درآمد شدہ ویکسین سے دس گنا کم قیمت ہے

لاہور (آئی این پی) محکمہ لائیو اسٹاک نے لمپی سکن بیماری کی ویکسین تیار کر لی، مقامی تیار کردہ ویکسین کی درآمد شدہ ویکسین سے دس گنا کم قیمت ہے۔ بتایا گیا ہے کہ سائنسدانوں نے ڈیڑھ سال میں لمپی سکن ویکسین تیار کی ہے، مقامی ویکسین کا معیار عالمی سطح کی ویکسین کے برابر ہے، مقامی سطح پر تیار کردہ ویکسین سے لمپی سکن بیماری پر قابو پا لیا گیا۔ لمپی سکن ویکسین ویٹرنری ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں تیار کی گئی، ریسرچ ٹیم کی قیادت ڈائریکٹر جنرل ریسرچ ڈاکٹر سجاد حسین نے کی۔